Email:aksriyat@gmail.com | wwwdailyaksriyat.com

اور قیامت کے دن میں سب انبیاء سے متبعین میں اکثریت والا ہوں گا (سنن ابن ماجہ)

روزنامہ Daily AKSRIYAT ABC CERTIFIED

اکثریت پشاور

ایڈیٹر: ہدایت الرحمٰن ہوتی
منیجنگ ایڈیٹر (اعزازی) سلیم شاہ ہوتی

جلد 8 | منگل 24 فروری 2026ء ، 6 رمضان المبارک 1447ھ، قیمت 15 روپے | شمارہ 148

پشین میں خودکش حملہ آور سمیت 5 خوارج ہلاک

بلوچستان سیکورٹی فورسز کی انٹیلی جنس اطلاعات پر کارروائی کے دوران خودکش حملہ آور سمیت فتنہ الخوارج کے پانچ دہشتگرد مارے گئے

ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد، دہشتگردوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (صباح نیوز) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے پشین میں | انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران خودکش حملہ آور سمیت فتنہ الخوارج کے 5 | دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی | آر) کے مطابق پشین کے علاقے میں انٹیلی جنس اطلاعات (بقیہ نمبر 1)

پشاور، وزیر خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی حیات آباد میں فیکلٹی آف پیرامیڈیکل اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کمپلیکس کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں



عمران خان ایک ماہ کیلئے اسپتال شفٹ کردینگے، سپیکر ایاز صادق

لاہور (صباح نیوز) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے علاج کے حوالے سے افواہ پھیلائی جارہی تھی، جب ڈاکٹر ہی نہیں کہہ رہا کہ بانی کو اسپتال شفٹ کیا جائے تو کیسے شفٹ کردیں؟ ڈاکٹر کہے گا تو بانی پی ٹی آئی عمران خان کو ایک مہینے کیلئے (بقیہ نمبر 2)

حکومت کی اولین ترجیح انسانوں پر سرمایہ کاری ہے، وزیراعلیٰ

سہیل آفریدی نے فیکلٹی آف پیرامیڈیکل اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے کثیر المنزلہ کمپلیکس کا سنگِ بنیاد رکھ دیا، یہ منصوبہ حیات آباد فیز فائیو میں چھ کنال اراضی پر تعمیر کیا جارہا ہے

تخمینہ لاگت 2.9 ارب روپے ہے، دیگر اداروں اور شعبہ جات کو بھی اسی طرز پر خود پائیداری کی راہ اپنانا ہوگی، وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کا منعقدہ تقریب سے خطاب

پشاور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے فیکلٹی آف پیرامیڈیکل اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے کثیر المنزلہ کمپلیکس کا سنگِ بنیاد رکھ دیا۔ یہ منصوبہ حیات آباد فیز فائیو میں چھ کنال اراضی پر تعمیر کیا جارہا ہے، جس کی تخمینہ لاگت 2.9 ارب روپے ہے۔ سات منزلوں اور دو بیسمنٹس پر مشتمل یہ کثیر المقاصد کمپلیکس ادارہ جاتی استحکام اور طویل مدتی مالی خود پائیداری کے پیش نظر ڈیزائن کیا گیا ہے، جس کا مقصد نہ صرف انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے بلکہ ادارے کے لیے پائیدار آمدن کے مواقع بھی پیدا کرنا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ یہ منصوبہ بیرونی فنڈنگ پر انحصار کے بغیر پائیدار آمدن کا ذریعہ بنے گا اور تعلیمی سرگرمیوں کی موثر معاونت کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں کا عمران خان کے (بقیہ نمبر 3)

کوہاٹ: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے اطلاعات وتعلقات عامہ شفیع جان ڈی ایچ کیو کے ڈی اے اسپتال کے دورے کے موقع پر عوام سے مسائل دریافت کررہے ہیں

دہشتگرد سلیم بلوچ ہلاکت لاپتہ افراد پول کھل گیا

فتنہ الہندوستان دہشتگردی بے نقاب، راسے منسلک سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی سلیم ہلاکت کی تصدیق

کوئٹہ (صباح نیوز) دہشت گرد سلیم بلوچ کی ہلاکت سے لاپتا افراد کے بیانیے کے پیچھے چھپی فتنہ الہندوستان کی دہشت گردی بے نقاب ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق 31 جنوری کو بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے بزدلانہ حملوں میں لاپتہ افراد کی فہرست میں شامل سلیم بلوچ بھی ملوث تھا۔ فتنہ الہندوستان اور راسے منسلک سوشل میڈیا اکاؤنٹس نے سلیم (بقیہ نمبر 12)

سینیٹ کا موجودہ اجلاس 3 مارچ 2026ء تک جاری رہے گا، فیصلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ سینیٹ کا موجودہ اجلاس 3 مارچ 2026ء تک جاری رہے گا۔ سینیٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس پیر پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا جس کی صدارت چیئرمین سینیٹ سید (بقیہ نمبر 11)

لاہور: وفاقی وزیر احسن اقبال یو ای ٹی لاہور میں پرائم منسٹر لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب میں طالب علم کو لیپ ٹاپ دے رہے ہیں

امریکی سفیر کے اشتعال انگیز بیان پر او آئی سی کا ہنگامی اجلاس طلب

جدہ (صباح نیوز) امریکی سفیر کے اشتعال انگیز بیان پر آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن (او آئی سی) نے ہنگامی اجلاس طلب کرلیا۔ جاری بیان کے مطابق او آئی سی کا ہنگامی اجلاس 26 فروری کو طلب کیا گیا ہے، اجلاس میں اسرائیل کے غیر قانونی اقدامات پر غور کیا جائے گا۔ اجلاس بلانے کا مقصد رکن ممالک کا مشترکہ مؤقف پیش کرنا ہے، اجلاس میں (بقیہ نمبر 13)

دہشت گردی کے خلاف قوم متحد ہے، صدر / وزیراعظم

محسن نقوی کا پشین میں فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے ضلع پشین میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن دہشت گردی کے خلاف قومی (بقیہ نمبر 8)

26 نومبر احتجاج کیس میں علیمہ خان غیر حاضر

علیمہ خان کی مسلسل عدم حاضری پر عدالت برہم، ناقابل ضمانت وارنٹ جاری

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر کے احتجاج کیس میں علیمہ خان اور ان کے وکیل کی مسلسل غیر حاضری پر برہمی کا اظہار کیا۔ کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی۔ عدالت نے غیر حاضری پر ایک مرتبہ پھر علیمہ خان کے ناقابل (بقیہ نمبر 9)

سپریم کورٹ باہر پی ٹی آئی ارکانِ پارلیمنٹ احتجاج

بانی پی ٹی آئی کے مقدمات مقرر کرنے اور اہلِ خانہ سے ملاقات کرانیکا مطالبہ

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ کے باہر پاکستان تحریکِ انصاف کے ارکانِ پارلیمنٹ نے احتجاج کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کے مقدمات مقرر کرنے اور اہلخانہ سے ملاقات کرانے اور ذاتی معالجین سے معائنے کا مطالبہ کیا ہے۔ پیر کو احتجاج میں اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس، سلمان اکرم راجہ، عامر ڈوگر، شفیع جان، محمد حسین، شاہد خٹک سمیت دیگر ارکانِ اسمبلی نے شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے (بقیہ نمبر 10)

بیوی کو دیا تحفہ واپس نہیں لیا جا سکتا، محسن اختر کیانی

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے فیملی کورٹ کے فیصلے کیخلاف شہری کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرتے ہوئے ریمارکس دیے ہیں کہ بیوی کو دیا گیا تحفہ بھی واپس نہیں لیا جاسکتا، یہ تو تھوک کر چاٹنے والی بات ہے۔ پیر کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 4)

امریکا جنیوا میں ایران سے جوہری مذاکرات اگلے دور کیلئے تیار

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے جوہری تجاویز کا مسودہ بھیج دیا تو ایران امریکا مذاکرات جمعے کو ہوسکتے ہیں۔ امریکی حکام کے حوالے سے میڈیا رپورٹ میں کہا گیا کہ جوہری معاہدے کی مفصل ایرانی تجاویز 48 گھنٹوں میں مل جائیں تو جمعے کو مذاکرات متوقع ہیں۔ میڈیا (بقیہ نمبر 6)

رمضان میں عمرہ کرنیکی اجازت دی جائے، شیخ رشید

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کی عمرہ ادائیگی کی اجازت کیلئے درخواست سماعت کیلئے منظور کرلی۔ عدالت نے سرکاری وکیل کو (بقیہ نمبر 5)

اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی تعیناتی عدالت میں چیلنج

اکبر ایس بابر کے وکیل شوکت یز صدیقی نے پٹیشن دائر کردی ہے



اسلام آباد (صباح نیوز) ان خان کے نامزد لیڈر آف دی اپوزیشن محمود خان اچکزئی کی تعیناتی وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کردی گئی۔ پی ٹی آئی کے بانی رہنما اکبر ایس بابر کے وکیل جسٹس (ر) شوکت عزیز صدیقی نے آئینی پٹیشن دائر کی۔ پٹیشن میں موقف اختیار کیا گیا کہ محمود خان اچکزئی کی تعیناتی آئین، قانون اور جمہوری تقاضوں (بقیہ نمبر 15)

اویس لغاری کا عبدالرحمٰن خان کانجو کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے وزیر مملکت برائے توانائی عبدالرحمٰن خان کانجو کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو جاری تعزیتی بیان میں وفاقی وزیر نے عبدالرحمٰن خان کانجو اور ان کے اہلِ (بقیہ نمبر 14)

جیل میں آنکھ کا علاج نہیں، دل کا کیا ہوگا؟، سپریم کورٹ

قتل کے مجرم دلاور کی ضمانت درخواست پر پشاور کارڈیالوجی ڈاکٹرز کا میڈیکل بورڈ تشکیل

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ نے قتل کے مجرم دلاور خان کی میڈیکل گراؤنڈ پر ضمانت کی درخواست پر پشاور کارڈیالوجی کے ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل بورڈ تشکیل دے دیا۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ میرا موکل قلب کے عارضے میں مبتلا ہے، حیات آباد میڈیکل کمپلیکس کی رپورٹ میں ملزم (بقیہ نمبر 16)

سپیکر سردار ایاز صادق کا وزیر مملکت عبدالرحمٰن خان کانجو سے اظہار افسوس

اسلام آباد (صباح نیوز) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیر مملکت برائے توانائی و عوامی امور عبدالرحمٰن خان کانجو کی والدہ کے (بقیہ نمبر 17)

ڈائریکٹر جنرل، پی آئی ڈی لاہور شفقت عباس خان کا سیاسی بیٹ رپورٹرز کے اعزاز میں افطار ڈنر کے موقع پر گروپ فوٹو

عدالتیں قانون کے مطابق ریلیف دے سکتی ہیں، رانا

اپوزیشن قومی مسائل کے حل اور جمہوری اداروں کے استحکام کیلئے کردار ادا کرے، مشیر پی ایم

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی و عوامی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ اپوزیشن قومی مسائل کے حل اور جمہوری اداروں کے استحکام کے لئے سیاسی عمل میں فعال کردار ادا کرے۔ پیر کو سینیٹ میں قائد حزب اختلاف راجہ ناصر عباس کی جانب سے اپوزیشن سیاسی عمل کا حصہ بننے پر آمادہ نہیں جس کے باعث بار بار تعطل کی کیفیت پیدا ہورہی ہے اٹھائے گئے مختلف نکات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے اپوزیشن پر زور دیا کہ وہ قومی مسائل کے حل اور جمہوری اداروں کے استحکام کے لئے سیاسی عمل میں فعال کردار ادا کرے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ہمیشہ اپوزیشن کو دعوت (بقیہ نمبر 7)

پشاور رویت ہلال کمیٹی اجلاس پر 20 لاکھ اخراجات

اجلاس انتظامات سے متعلق اخراجات کی منظوری صوبائی کابینہ کے ایجنڈے میں شامل

پشاور (سٹی رپورٹر) پشاور میں ہونے والے رویت ہلال کمیٹی اجلاس میں بیس لاکھ روپے کے اخراجات کا انکشاف ہوا ہے، جس کی باضابطہ منظوری خیبر پختونخوا کابینہ سے لی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کے انتظامات سے متعلق اخراجات کی منظوری صوبائی کابینہ کے ایجنڈے میں شامل ہے، مرکزی (بقیہ نمبر 23)

افغانستان کیخلاف ٹھوس ثبوت موجود ہیں، طارق فضل

افغانستان میں جو فضائی حملے کیے ہیں، اس حوالے سے پارلیمنٹ کو اعتماد میں رکھوں گا

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے پاس افغانستان کے خلاف ٹھوس ثبوت موجود ہیں۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان میں جو فضائی حملے کیے ہیں، اس حوالے سے پارلیمنٹ کو اعتماد میں رکھوں گا۔ طارق (بقیہ نمبر 24)

دہشتگردوں کی پشت پناہی افغان طالبان بے نقاب

پاکستانی کارروائی سے متاثر علاقوں تک میڈیا رسائی روک دی، افغان میڈیا نے صرف بیسود ملبے کی فوٹیج دکھائی

اسلام آباد (صباح نیوز) افغان طالبان رجیم کی دہشتگردوں کی پشت پناہی بے نقاب ہوگئی جبکہ پاکستانی فضائی کارروائی سے متاثرہ علاقوں تک میڈیا رسائی روک دی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان نے مصدقہ اور قابلِ اعتماد انٹیلی جنس اطلاعات پر افغانستان میں دہشتگردوں کے مرکزی ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ تباہ شدہ ٹھکانوں پر میڈیا کی پابندی سے افغان طالبان رجیم کی منافقانہ روش اور دہشتگردوں کی پشت پناہی بے نقاب ہوئی۔ دی ساؤتھ ایشیا ٹائمز کے (بقیہ نمبر 28)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف میت کو اسپتال سے گھر پہنچانے کیلئے ایمبولینس سروس شروع کرنے کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی زیر صدارت کررہی ہیں

حکومتی وفد اور اپوزیشن لیڈر ملاقات کا امکان

اچکزئی سے ملاقات میں انتخابی اصلاحات سمیت اہم امور زیر غور آئیں گے؟

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومتی وفد اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی میں رواں ہفتہ ملاقات کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں انتخابی اصلاحات سمیت اہم امور زیر غور آئیں گے، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے حکومتی رابطوں سے پی ٹی آئی قیادت کو آگاہ کر رکھا ہے۔ ذرائع کا (بقیہ نمبر 31)

تھانے کی حدود میں ڈاکوں نے پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنالیا

دادو (صباح نیوز) دادو کے مخدوم بلاول تھانے کی حدود میں ڈاکوں نے پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنالیا۔ پولیس کے مطابق مزاحمت پر 2 اہلکار زخمی اور ڈاکو ایک اہلکار سے اسلحہ چھین کر فرار ہوگئے۔ دوسری جانب سندھ پنجاب کے سرحدی علاقے رونجی کچے میں آپریشن مزید تیز کردیا گیا ایس ایس پی گھوٹکی کے (بقیہ نمبر 29)

پاکستان کی عالمی کرپٹو مالیاتی فورم میں نمایاں شرکت

بلال بن ثاقب نے مالیاتی رہنماؤں، کرپٹو اختراع کاروں اور پالیسی سازوں کا اہم مرکز قرار دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی کے چیئرمین بلال بن ثاقب نے امریکا میں منعقدہ ورلڈ لبرٹی فورم میں شرکت کی۔ بلال بن ثاقب نے فورم کو عالمی مالیاتی رہنماں، کرپٹو اختراع کاروں اور پالیسی سازوں کا اہم مرکز قرار دیا۔ فورم میں گولڈ مین سکس، میڈیک، فرسٹکلن (بقیہ نمبر 32)

جاوید اقبال برطرفی کیخلاف اپیل مسترد، فیصلہ برقرار

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی آئینی عدالت نے سابق سی ای او خیبر پختونخواہ اکنامک زون کمپنی جاوید اقبال کی برطرفی کے خلاف دائر اپیل مسترد کرتے ہوئے پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا۔ وفاقی آئینی عدالت کے دو رکنی بینچ نے جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں برطرفی کے خلاف اپیل (بقیہ نمبر 33)

اوباش نوجوانوں کا گرین بس پر پتھراؤ، شیشے ٹوٹ گئے، مسافر زخمی ہوگئے

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی میں اوباش نوجوانوں نے گرین بس پر پتھراؤ کردیا، جس کے نتیجے میں ایک مسافر زخمی ہوگیا۔ گرین بس پر حملے کا واقعہ چکلالہ اسٹیشن کے قریب پیش آیا، جس کے باعث بس کے شیشے ٹوٹ گئے۔ تھانہ چکلالہ پولیس نے بس کے کیپٹن کی مدعیت میں مقدمہ درج کر (بقیہ نمبر 30)

کرک، تحصیل باندہ دادشاہ کے علاقہ درگہ شہیدان میں نامعلوم دہشت گردوں نے ریسکیو 1122 کی ایمبولینس گاڑی نذر آتش کردیا

کوہاٹ ڈی اے ڈبل روڈ پر لیڈی ڈاکٹر قتل

ڈاکٹرز کا واقعہ کیخلاف احتجاج، قاتلوں کی گرفتاری تک ہڑتال جاری رہے گی، ینگ ڈاکٹرز

کوہاٹ (صباح نیوز) خیبر پختونخوا کے علاقے کوہاٹ میں ڈی اے ڈبل روڈ پر فائرنگ سے لیڈی ڈاکٹر جاں بحق ہوگئی۔ پولیس کے مطابق لیڈی ڈاکٹر ڈیوٹی کے بعد رکشا سے گھر واپس جارہی تھی کہ مسلح افراد نے کے ڈی اے ڈبل روڈ پر ان پر فائرنگ کردی جس سے لیڈی ڈاکٹر جاں بحق ہوگئیں۔ لیڈی (بقیہ نمبر 25)

کرک، ایمبولینس پر فائرنگ، 3 زخمی اہلکار شہید

ریسکیو اہلکار درگہ شہیدان میں فائرنگ سے زخمی اہلکاروں کو اسپتال منتقل کررہے تھے

کرک (بیورو رپورٹ) کرک کے علاقے بہادر خیل میں زخمی ایف سی اہلکاروں کو لے جانے والی ایمبولینس پر فائرنگ کردی گئی، ایمبولینس میں موجود 3 زخمی اہلکار شہید ہوگئے۔ ایمبولینس پر فائرنگ کے نتیجے میں ریسکیو کے 2 اہلکار زخمی ہوگئے، جن کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ فیڈرل کانسٹیبلری کے (بقیہ نمبر 26)

سپریم کورٹ کا آئین و قانون تشریح اختیار ختم

نئی آئینی سکیم تحت آئین وقانون کی تشریح کا اختیار آئینی عدالت کا ہے، جسٹس عامر

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے فیصلہ دیا گیا ہے کہ 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری سے سپریم کورٹ کا آئین وقانون کی تشریح کا اختیار ختم ہوگیا۔ جسٹس عامر فاروق نے آئینی عدالت کے اختیارات پر اہم فیصلہ میں قرار دیا کہ 27 ترمیم سے قبل قانون و آئین کی تشریح کا (بقیہ نمبر 27)

کرک میں ایف سی ایمبولینس پر فائرنگ 3 اہلکار شہید

فیڈرل کانسٹیبلری قلعہ حملے میں زخمی پانچ اہلکاروں کو ایمبولینس میں ہسپتال منتقل کیا جارہا تھا، پولیس

کرک (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں فیڈرل کانسٹیبلری کے قلعہ پر کواڈ کاپٹر کے حملے میں 5 زخمی اہلکار زخمی ہوگئے تاہم زخمی اہلکاروں کو ہسپتال لے جانے والی ایمبولینس پر بھی فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں 3 زخمی اہلکار شہید ہوگئے۔ ڈی پی او کرک کے مطابق درگہ شہیدان کے علاقے میں ایف سی (بقیہ نمبر 18)

وعدہ کرتا ہوں حکومت گرانے نہیں دینگے، راجہ ناصر عباس

آپ بانی پی ٹی آئی سے معاملات ٹھیک کریں، رمضان المبارک کا مہینہ توبہ کرنے کا ہے، دھرنا سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے حکومت کو پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپ بانی پی ٹی آئی سے معاملات ٹھیک کریں، وعدہ کرتا ہوں آپ کی حکومت گرانے نہیں دیں گے۔ سینیٹ کے اجلاس کے دوران علامہ راجہ ناصر عباس نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کا مہینہ توبہ کرنے کا ہے، بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا معاملہ زیرِ بحث رہا ہے ہمیں تشویش تھی، ہم نے پارلیمنٹ ہاؤس میں احتجاجی دھرنا دیا، (بقیہ نمبر 34)

خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کا خواتین کو بااختیار بنانے احسن اقدام

ٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی تجربہ فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل انٹرن شپ پروگرام 26-2025 کا باقاعدہ آغاز کر دیا

پشاور(این این آئی)خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی تجربہ فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل انٹرن شپ پروگرام 26-2025 کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ چھ ماہ پر محیط اس معاوضہ دار انٹرن شپ پروگرام کے تحت منتخب ہونے والی خواتین کو ماہانہ 30,000 روپے وظیفہ دیا جائے گا۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد خواتین کی ڈیجیٹل معیشت میں شمولیت کو بڑھانا اور انہیں ابھرتے ہوئے تکنیکی شعبوں میں پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ پروگرام کے دوران انٹرنز کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس، ویب و ایپلیکیشن ڈویلپمنٹ گرافک ڈیزائن، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور UX/UI جیسے اہم شعبوں میں تربیت دی جائے گی۔ تربیت کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے منتخب خواتین کو خیبر پختونخوا کی آئی ٹی پارک کمپنیوں، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن یونٹ اور کے پی آئی ٹی بی کے ہیڈ کوارٹرز میں تعینات کیا جائے گا تاکہ وہ صنعت کی ضروریات کے مطابق براہِ راست عملی تجربہ حاصل کر سکیں۔ امیدوار خواتین اپنی درخواستیں سرکاری پورٹل jobs/list/joinit.kp.gov.pk پر آن لائن جمع کرا سکتی ہیں۔ محکمہ آئی ٹی بورڈ کے مطابق درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 13 مارچ 2026 مقرر کی گئی ہے۔

شدید برفانی طوفان، 11 ہزار پروازیں منسوخ

واشنگٹن (صباح نیوز)امریکا کے شمال مشرقی علاقوں میں شدید برفانی طوفان کے باعث امریکا بھر میں 11 ہزار سے زائد پروازیں منسوخ کر دی گئیں جبکہ متعدد تاخیر کا شکار ہیں۔ فیڈرل ایوی ایشن نے نیویارک ایئرپورٹس پر گراونڈ اسٹاپ کی وارننگ دی ہے۔ شمال مشرقی امریکا میں پیر کی صبح تک شدید برفباری اور تیز ہواوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ ریاست میزوری اور ورمونٹ میں برف باری ہوئی، جنوبی میساچوسٹس میں اولے بھی گرے۔ ڈیلاویئر، مشرقی میری لینڈ، نیوجرسی، نیویارک سٹی اور جنوبی نیو انگلینڈ کے لیے وارننگ جاری کی گئی ہے۔

ورکرز پارٹی آف کوریا کی کانگریس نے کم جونگ ان کو سیکرٹری جنرل منتخب کرلیا

پیانگ یانگ (شہوا) عوامی جمہوریہ کوریا (ڈی پی آر کے) کی حکمران جماعت ورکرز پارٹی آف کوریا (ڈبلیو پی کے) کی 9ویں کانگریس نے کم جونگ ان کو پارٹی کا سیکرٹری جنرل منتخب کرلیا۔ سرکاری کورین سنٹرل نیوز ایجنسی (کے سی این اے) کی رپورٹ کے مطابق ڈبلیو پی کے کی 9ویں کانگریس نے اتوار کو ورکرز پارٹی آف کوریا کی ترقی اور ریاست کی خوشحالی کے لئے تمام مندوبین، لاکھوں پارٹی ارکان، تمام عوام اور پیپلز آرمی کے تمام اہلکاروں کے غیر متزلزل عزم اور متفقہ خواہش کے مطابق کم جونگ ان کو سیکرٹری جنرل منتخب کرنے کا فیصلہ کیا۔ ڈبلیو پی کے کی 9ویں کانگریس کی پریس ریلیز کے مطابق اتوار کے اجلاس میں ڈبلیو پی کے کی مرکزی کمیٹی کے ارکان اور متبادل ارکان کا بھی انتخاب کیا گیا، منتخب کئے گئے ارکان میں کم جونگ ان، پاک تھائے سونگ، جو یونگ وون اور ری ال ہوان بھی شامل ہیں۔ کے سی این اے نے ایک الگ رپورٹ میں کہا کہ کانگریس نے ڈبلیو پی کے کے قواعد میں ترمیم کا فیصلہ بھی کیا۔

سرچ آپریشن، 13 غیر قانونی مقیم افغانی گرفتار

اسلام آباد(صباح نیوز)غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کی اسکریننگ، رہائشی ریکارڈ اور شناختی دستاویزات کی جانچ کا عمل تیز کر دیا گیا۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق اسلام آباد، راولپنڈی، مری، اٹک، چکوال میں حساس مقامات، آبادیوں اور بازاروں کی اسکریننگ کی گئی، جس کے دوران 2 اشتہاری ملزمان سمیت 13 غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ کارروائیوں میں پولیس، لیڈی پولیس، رینجرز، ایلیٹ پولیس، ڈولفن اسکواڈ، سی ٹی ڈی سمیت انٹیلی جنس ادارے بھی شریک ہوئے۔ سیکیورٹی حکام نے عزم ظاہر کیا کہ پاکستان میں غیر رجسٹرڈ افغان شہریوں کے خلاف کارروائی بلا امتیاز جاری رہے گی۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے انڈسٹریل ایریا اور راولپنڈی میں حبیب کالونی، اللہ آباد، کچا اسٹاپ اور اطراف میں سرچ اینڈ کومبنگ آپریشن مکمل کرلیا گیا ہے۔ مری تحصیل کے جنرل بس اسٹینڈ، لاری اڈہ اور گردونواح، اٹک، حسن ابدال، حضرو جنڈ، فتح جنگ اور پنڈی گھیب میں بھی کومبنگ کارروائیاں مکمل کر لی گئیں ہیں۔ ضلع چکوال کے تمام 12 تھانوں کی حدود میں خصوصی سرچ آپریشن مکمل کیا گیا ہے۔

پنجاب میں پہلی مرتبہ مفت میت منتقلی سروس آغاز

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے میت کو ہسپتال سے گھر پہنچانے کی منظوری دے دی

لاہور(صباح نیوز)پنجاب میں پہلی مرتبہ مفت میت منتقلی سروس کا آغاز کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا، سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے میت کو ہسپتال سے گھر پہنچانے کیلئے ایمبولینس سروس شروع کرنے کی منظوری دے دی، اجلاس میں پرائیویٹ ایمبولینس سروس کو بھی ریگولائز کرنے پر اتفاق کیا گیا، پرائیویٹ ایمبولینس سروسز کے ریٹ بھی مقرر کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ دوران اجلاس بڑے سرکاری ہسپتالوں اور ہر تحصیل میں سرکاری وہیکل سروس شروع کرنے کیلئے پلان طلب کیا گیا ہے۔ پنجاب کی ہر تحصیل میں ہسپتال سے گھر میت لے جانے کیلئے کم از کم ایک وین میسر ہوگی، مرحوم کے اہل خانہ 1122 پر کال کر کے یا ہسپتال کا ڈسٹرکٹ سے مفت وین سروس لے سکیں گے۔ میت منتقلی سروس کی سمارٹ مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے مانیٹرنگ کی جائے گی، میت کو ہسپتال سے دوسرے شہر لے جانے کی سہولت بھی مفت دی جائے گی۔

اغواء کاروں کا تاجر کے اہلخانہ سے رقم کا مطالبہ، ریکارڈنگ سامنے آگئی

لاہور(صباح نیوز)ستوکتلہ کے علاقے سے اغواء کیے گئے تاجر کے اہلخانہ سے اغواء کاروں نے رقم کا مطالبہ کر دیا، مغوی کی پیسے کے لیے کی گئی فون کالز کی ریکارڈنگ بھی منظر عام پر آ گئی۔ آڈیو ریکارڈنگ کے مطابق مغوی رضوان عمر نے بھائی کو فون کر کے 15 لاکھ کا بندوبست کرنے کا کہا۔ پیسوں کے لیے پہلے رات 9 بجے اور بعد میں 12 بجے کا وقت دیا گیا۔ کال پر بتایا گیا کہ آپ پیسوں کا انتظام کریں دوبارہ کال کر کے بتائیں گے کہ کہاں پہنچانے ہیں۔ آڈیو ریکارڈنگ میں مغوی رضوان عمر اپنے بھائی سے پیسوں کے لیے اپنے دوست سے درخواست کرنے کا بھی کہتا ہے۔ رضوان عمر کو پنجاب سوسائٹی سے اغواء کیا گیا تھا۔ ایلیٹ پولیس یونیفارم میں آئے ملزمان نے گھر کے باہر سے اغواء کیا۔ ستوکتلہ پولیس نے مغوی رضوان عمر کے بھائی جاوید کی مدعیت میں مقدمہ درج کر رکھا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق مبینہ اغواء کار خود کو سینئر افسر ظاہر کر رہا ہے تاہم واقعہ کی تحقیقات جاری ہے۔

کوہاٹ: لیڈی ڈاکٹر مہوش کے قتل کے خلاف بینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس سٹاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

کمشنر کوہاٹ ڈویژن کی فوری مداخلت، کے ڈی اے اسپتال میں ایمرجنسی سروسز بحال

لیڈی ڈاکٹر کے قتل کے واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں گی

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) کمشنر کوہاٹ ڈویژن سید معصم باللہ شاہ کی بروقت اور مؤثر مداخلت کے نتیجے میں کے ڈی اے اسپتال میں ڈاکٹرز کو ایمرجنسی ڈیوٹیاں بحال کرنے پر آمادہ کر لیا گیا ہے جس کے بعد اسپتال میں طبی سہولیات فوری طور پر بحال کر دی گئی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے صورتحال کی مسلسل نگرانی جاری ہے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کی رات لیڈی ڈاکٹر کی قتل کے افسوسناک واقعے کے بعد ڈاکٹرز کی جانب سے ایمرجنسی سروسز معطل کر دی گئی تھیں جس کے باعث مریضوں اور ان کے لواحقین کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ کمشنر کوہاٹ ڈویژن نے رات گئے فوری طور پر اسپتال کا دورہ کیا اور ڈاکٹرز سے تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے طبی عملے کے تحفظات سنے اور انہیں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ کمشنر معصم باللہ نے واضح کیا کہ لیڈی ڈاکٹر کے قتل کے واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ملوث ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ انتظامیہ صورتحال پر قابو رکھے ہوئے ہے

بنوں میں خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، انور سیف اللہ خان

مادر وطن کے دفاع کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے قوم کے اصل ہیرو ہیں۔ سابق وفاقی وزیر پٹرولیم کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی)گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے مطابق سابق وفاقی وزیر پٹرولیم انور سیف اللہ خان نے کہا کہ بنوں میں خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے انہوں نے کہا کہ دہشتگرد عناصر ملک کے امن کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج اور سیکیورٹی ادارے پوری قوم کی حمایت سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھیں گے۔ انور سیف اللہ خان نے حملے میں شہید ہونے والے لیفٹیننٹ کرنل شہزادہ گل فراز اور سپاہی کرامت شاہ کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہدا کی قربانیاں پوری قوم کا فخر اور سرمایہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مادر وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے قوم کے اصل ہیرو ہیں اور ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔ انہوں نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے، پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے

روس کے لیے جوہری سہ جہتی نظام کی ترقی بدستور اولین ترجیح رہے گی، پوتن

ماسکو(شہوا) روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے پیر کے روز یوم دفاع وطن کے موقع پر ایک ویڈیو خطاب میں کہا ہے کہ سہ جہتی جوہری نظام کی ترقی روس کے لئے بدستور ایک مطلق ترجیح رہے گی۔ پوتن نے کہا کہ سہ جہتی جوہری نظام روس کی سلامتی کی ضمانت کے طور پر کام کرتا ہے اور دنیا میں تزویراتی دفاع اور طاقت کے توازن کو موثر طریقے سے برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ پوتن نے اس بات پر زور دیا کہ روس اپنی مسلح افواج کی صلاحیتوں میں اضافہ کرے گا اور ان کی جنگی تیاریوں، نقل و حرکت اور انتہائی پیچیدہ حالات میں کام کرنے کی صلاحیت کو بہتر بنائے گا۔ انہوں نے مسلح افواج کے لئے جدید ترین ہتھیاروں اور ساز و سامان کی تحقیق اور ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کا بھی عزم ظاہر کیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ یہ محفوظ اور قابل بھروسہ ہاتھوں میں ہیں۔

ایم کیو ایم کا گل پلازہ تحقیقات پر تحفظات اظہار

جس طرح تحقیقات ہو رہی ہیں اس پر اپنی رائے محفوظ رکھتا ہوں، فاروق ستار

کراچی(صباح نیوز)متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے گل پلازہ جوڈیشل کمیشن پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس طرح تحقیقات ہو رہی ہیں اس پر اپنی رائے محفوظ رکھتا ہوں۔ کراچی میں سندھ ہائی کورٹ کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار کا کہنا تھا کہ ہم کورٹ کی معاونت کیلئے آئے ہیں، دستاویزات جمع کرائی ہیں جو کہ واضح طور پر نشاندہی کر دیں گی کہ گل پلازہ کی عمارت کی تعمیر میں بے ضابطگیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے افسران کے خلاف مقدمہ بھی بنا تھا، غیر قانونی تعمیرات میں ملوث افسران کے خلاف درج مقدمے کا کیا ہوا؟ ہم معاونت کیلئے آئے تھے، 19 فروری کو ای میل کر کے تفصیلات جمع کرا دی ہیں، ہمیں کہا گیا کہ درخواست ضرورت کے مطابق نہیں ہے۔ رہنما ایم کیو ایم کا کہنا تھا کہ کمیشن سے مطالبہ ہے کہ ایک گھنٹہ ہمارے وکیل کو اور آدھا گھنٹہ مجھے سنا جائے، 18 سال سے کرپٹ ترین حکومت ہے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کرک کے میٹھا خیل اور کرک بازار میں قیمتوں کا جائزہ

گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھی جائیں گی

کرک(بیورو رپورٹ)ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کرک صاحبزادہ سمیع اللہ نے پیر کے روز کرک اور میٹھا خیل کے بازاروں کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں اور سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف دکانوں کا معائنہ کیا اور نرخوں کی جانچ پڑتال کرتے ہوئے دکانداروں کو ہدایت کی کہ مقررہ سرکاری قیمتوں کی مکمل پابندی یقینی بنائیں تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم ہو سکے۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کی تنبیہ بھی کی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھی جائیں گی تاکہ شہریوں کو معیاری اشیائے ضروریہ مناسب قیمتوں پر دستیاب ہوں۔ انہوں نے کرک بازار میں قائم رمضان المبارک کے حوالے سے شکایات سیل/مانیٹرنگ سیل کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے سیل میں موصول ہونے والی شکایات، اندراج کے طریقہ کار اور ان کے بروقت ازالے کیلئے کئے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ عملے کو ہدایت کی گئی کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنایا جائے اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، معیار اور دستیابی پر کڑی نظر رکھی جائے تاکہ ماہ مقدس کے دوران شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ سمیع اللہ نے ہدایت کی کہ صوبائی حکومت کی ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی مہنگائی کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے

پشاور میٹر پشاور حاجی زبیر علی میئر مردان حمایت اللہ مایار اور دیگر بلدیاتی نمائندوں کے ہمراہ 3 مارچ - 2026 صوبائی اسمبلی کے سامنے دھرنے کا اعلان کر رہے ہیں

چین میں بہار تہوار کا سفری رش 5.08 ارب سفری دوروں کے ساتھ نصف دورانیہ عبور کر گیا

بیجنگ (شہوا) چین میں 2026 کے بہار تہوار کا سفری رش ہفتے تک نصف دورانیہ عبور کر گیا۔ وزارت ٹرانسپورٹ نے بتایا کہ پہلے 20 دنوں میں بین العلاقائی سفری دوروں کی تعداد 5.08 ارب تک پہنچ گئی۔ اس میں سے 4.76 ارب سفری دورے شاہراہوں کے ذریعے کئے گئے جبکہ ریلویز نے 25 کروڑ 80 لاکھ سفری دورے نمٹائے جبکہ آبی راستوں اور سول ایوی ایشن کے ذریعے بالترتیب ایک کروڑ 99 لاکھ 90 ہزار اور 4 کروڑ 75 لاکھ 20 ہزار سفری دورے ریکارڈ کئے گئے۔ سالانہ سفری رش، جسے چھون یون کہا جاتا ہے اور اسے عموماً دنیا کی سب سے بڑی انسانی نقل و حرکت کے طور پر بیان کیا جاتا ہے، کے بارے میں سابقہ اندازوں کے مطابق توقع ہے کہ اس سال 2 فروری سے 13 مارچ تک 40 دن کے عرصے میں ریکارڈ 9.5 ارب بین العلاقائی سفری دورے کئے جائیں گے۔

پاکستان بڑھتی ہوئی غذائی ضروریات سے نمٹنے کے لیے چینی بیج ٹیکنالوجی استعمال کر رہا ہے

پاکستان کی زرخیز زمین، سازگار آب و ہوا اور محنتی کسان زرعی ترقی کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں: ویلتھ پاکستان

اسلام آباد(آئی این پی)معروف چینی بیج کمپنی نے پاکستان میں زراعت کو جدید بنانے کے لیے جامعات، تحقیقی اداروں اور زرعی کاروباری اداروں کے ساتھ اشتراک کیا جیسا کہ کسانوں کی مہارت بہتر بنائی جائے اور جدید کاشتکاری طریقے متعارف کرائے جائیں۔ ویلتھ پاکستان سے گفتگو کرتے ہوئے وہان چنگفا ہیشنگ سیڈ کمپنی لمیٹڈ کے ڈائریکٹر ڈوشوشینگ نے کہا کہ کسانوں کی تعلیم میرے طریقہ کار کا مرکزی حصہ ہے۔ ژو نے بتایا کہ ان کی کمپنی پاکستان میں طویل مدتی تحقیقی صلاحیت پیدا کر رہی ہے تاکہ موسمی دباؤ اور بڑھتی ہوئی غذائی طلب سے نمٹا جا سکے۔ ہوبے صوبائی محکمہ سائنس و ٹیکنالوجی کے تعاون سے کمپنی نے ایک بین الاقوامی ٹیکنالوجی منتقلی اور تعاون مرکز قائم کیا جیسا کہ مقامی حالات کے مطابق فصلوں کی اقسام کا تجربہ کیا جا رہا ہے۔ ژو نے کہا کہ پاکستان کی زرخیز زمین، سازگار آب و ہوا اور محنتی کسان زرعی ترقی کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں تاہم موسمیاتی تبدیلی کے باعث بار بار آنے والی شدید گرمی کی لہریں اور سیلاب گرمی برداشت کرنے والی فصلوں کی فوری ضرورت پیدا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے وہان چنگفا ہیشنگ سیڈ کمپنی صرف چین میں آزمائش پر انحصار کرنے کے بجائے پاکستان میں ہی نئی اقسام تیار کر رہی ہے جبکہ موسم سرما کی فصلوں کے پروگرام کو بھی وسعت دی جا رہی ہے تاکہ چینی سبزیوں کی اقسام متعارف کرائی جا سکیں جو پاکستان کی بڑی اور تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات پوری کر سکیں۔ ژو کے مطابق، پاکستان کے سبزیوں کے شعبے کو 24 کروڑ 20 لاکھ آبادی کی وجہ سے بہت زیادہ مقامی طلب کا سامنا ہے جہاں روزانہ استعمال کی شرح انتہائی بلند ہے۔ اسی لیے مقامی کسانوں کو چینی سبزیوں کی نمایاں اقسام متعارف کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے تاکہ مناسب رسد یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بیجوں میں جدت کے ساتھ کسانوں کی تربیت بھی ضروری ہے۔ صرف بیج دینا کافی نہیں بلکہ کسانوں کو اس کے مؤثر استعمال کا طریقہ بھی سکھانا لازمی ہے۔ اس مقصد کے تحت کمپنی آن لائن اور بالمشافہ دونوں طرح کے تربیتی پروگرام چلا رہی ہے جن میں تکنیکی ماہرین اور شراکت دار ٹیموں کو کاشتکاری کے طریقوں، اقسام کی خصوصیات اور موسمیاتی خطرات کے انتظام کی تربیت دی جاتی ہے۔ خواتین کو بااختیار بنانا بھی کمپنی کے منصوبے کا حصہ ہے۔ کمپنی مقامی حکومتوں کے ساتھ مل کر زراعت میں خواتین کی شرکت بڑھانے کا ارادہ رکھتی ہے، خصوصاً خاندانی بنیادوں پر پراسیسنگ منصوبوں کے ذریعے تاکہ خواتین گھریلو غذائی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ آمدنی بھی حاصل کر سکیں۔ ژو نے کہا کہ چین میں ہم سمجھتے ہیں کہ لوگوں کو صرف مچھلی دینا کافی نہیں، سب سے اہم بات یہ ہے کہ انہیں مچھلی پکڑنا سکھایا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ پائیدار ترقی کے لیے علم کی منتقلی نہایت ضروری ہے۔ چین پاکستان تعاون کے تحت ایک ہزار پاکستانی زرعی گریجویٹس نے چین میں تین ماہ کی تربیت حاصل کی۔ یہ پروگرام وہان چنگفا ہیشنگ سیڈ کمپنی اور ہوا ژونگ زرعی یونیورسٹی کے اشتراک سے منعقد کیا گیا اور نصاب خاص طور پر پاکستان کی بیج ٹیکنالوجی کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر تیار کیا گیا تھا۔ ژو نے بتایا کہ یہ پروگرام چینی حکام اور پاکستان کی قیادت سے مشاورت کے بعد ترتیب دیا گیا جس کے بعد طلبہ کو ان کے آبائی شہر میں تربیت کے لیے مدعو کیا گیا۔ کلاس روم تعلیم کے ساتھ ساتھ شرکا کو چین کے قومی زرعی پارک اور قومی زرعی ہائی ٹیکنالوجی زون میں عملی تجربہ بھی فراہم کیا گیا۔ تربیت حاصل کرنے والوں کو کھاد، زرعی کیمیکل، بیج، باغبانی اور فوڈ پراسیسنگ کمپنیوں سے بھی متعارف کرایا گیا تاکہ وہ دیکھ سکیں کہ چینی ادارے پوری پیداواری زنجیر میں جدید زرعی ٹیکنالوجی کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کو طلبہ کی جانب سے بہت سراہا گیا ہے اور پاکستان واپس آ کر یہ گریجویٹس کمپنی کے فیلڈ پروگرامز میں شامل ہوں گے۔ ہر سال وہان چنگفا ہیشنگ سیڈ کمپنی اور اس کی شراکت دار ایوویل گروپ پاکستان میں کسانوں کے لیے 100 سے زائد فیلڈ تربیتی سیشن منعقد کرتے ہیں۔ ژو کے مطابق واپس آنے والے گریجویٹس کو بھی ان سرگرمیوں میں شامل کیا جائے گا تاکہ وہ بیرون ملک سیکھی گئی معلومات دوسروں تک منتقل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا تصور ہے: چین میں تعلیم، پاکستان میں استعمال۔ ژو نے کہا کہ کسانوں کو منڈی کے خطرات سے نمٹنے اور زیادہ قدر والی پیداوار کی طرف بڑھنے میں مدد دینے کے لیے مربوط تعاون ضروری ہے جس میں بیج، مشینری، تربیت اور فصلوں کی منصوبہ بندی سب شامل ہوں۔ ژو پہلی بار 2010 میں پاکستان آئے تھے۔ ابتدائی برسوں میں وہ براہِ راست کھیتوں میں تکنیکی تربیت، کاشتکاری اور فصلوں کے عملی مظاہروں پر کام کرتے رہے، بعد ازاں انہوں نے مارکیٹنگ اور زرعی تحقیق و ترقی کے شعبے میں خدمات انجام دیں۔



وسطی نیپال میں بس حادثہ، ایک چینی باشندے سمیت 19 افراد ہلاک

کھٹمنڈو(شہوا) وسطی نیپال کے ضلع دھادنگ میں پیر کی علی الصبح پوکھارا سے کھٹمنڈو جانے والی مسافر بس دریائے تریشولی میں گرنے سے 19 افراد ہلاک اور 25 دیگر زخمی ہو گئے۔ نیپال میں چینی سفارت خانے نے تصدیق کی ہے کہ حادثے میں ایک چینی شہری ہلاک جبکہ ایک چینی شہری زخمی بھی ہوا ہے جس کا مقامی ہسپتال میں علاج کیا جا رہا ہے۔ مقامی انتظامیہ نے بتایا ہے کہ بس میں 45 مسافر سوار تھے جو ہائی وے سے پھسل کر دریا میں جا گری

کوہاٹ: کمشنر کوہاٹ ڈویژن سید معصم باللہ شاہ لیڈی ڈاکٹر کے قتل کے واقعے کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال میں ایمرجنسی سروسز کی بحالی کے لیے اسپتال میں موجود ہیں

سال کے محمد یوسف 4 رمضان کو پہلا روزہ رکھا

پشاور(نیوز ڈیسک) محمد یوسف ولد شاہد علی، عمر پانچ سال، نے آج 4 رمضان المبارک 1447 ہجری کو 22 فروری 2026 کو اپنی زندگی کا پہلا روزہ رکھا۔ اس مبارک موقع پر، اہل خانہ نے رمضان کے مقدس مہینے میں چھوٹے بچے کے روحانی سفر کے آغاز کے موقع پر بے پناہ خوشی اور تشکر کا اظہار کیا۔ محمد یوسف کے لیے خصوصی دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت و تندرستی، استقامت ایمان، تقویٰ اور لمبی، صالح زندگی عطا فرمائے اور دین اسلام کا سچا خادم بنائے۔

سان ڈیا گو چڑیا گھر میں نئے قمری سال کی تقریبات میں پانڈا توجہ کا مرکز بن گئے

مسلسل پانچویں سال منعقد ہونے والی اس تقریب میں ثقافتی روایات اور جنگلی حیات کے تحفظ کو یکجا کیا گیا

لاس اینجلس (شہوا) کیلیفورنیا کی نرم و گداز ہوا میں سرخ لالٹینیں لہرا رہی تھیں، آرزو کے درخت امید بھری تحریروں والے کارڈز سے سجے ہوئے تھے اور خاندان مسکراتے ہوئے راستوں پر سان ڈیا گو چڑیا گھر میں چہل قدمی کر رہے تھے، جہاں وہ نئے چینی قمری سال، یعنی گھوڑے کے سال کا جشن منا رہے تھے۔ مسلسل پانچویں سال منعقد ہونے والی اس تقریب میں ثقافتی روایات اور جنگلی حیات کے تحفظ کو یکجا کیا گیا جہاں شرکا کو چینی دستکاری، برج کے مطابق چہرے پر نقش و نگار، سرخ لفافوں کی تقسیم اور آرزو کے درختوں پر صحت اور خوشی کے پیغامات آویزاں کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ تقریب میں چینی دیو قامت پانڈا کے تحفظ کے سلسلے میں چڑیا گھر اور چین کے درمیان دیرینہ تعاون کو بھی اجاگر کیا گیا۔ چڑیا گھر کے دو دیو قامت پانڈا، یون چھوآن اور شن با 2024 میں 10 سالہ بین الاقوامی پانڈا تحفظ پروگرام کے تحت چین سے امریکہ پہنچنے کے بعد سے ملک بھر میں توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں جو جنگلی حیات کے تحفظ میں امریکہ اور چین کے درمیان تعاون کے ایک نئے مرحلے کی علامت ہے۔ چڑیا گھر میں پانڈوں کے لئے مخصوص حصے میں آنے والے افراد نے پانڈوں کو بانس کھاتے، درختوں پر چڑھتے، کھیلتے کودتے اور آرام کرتے دیکھا جبکہ فضا میں خوشی اور تال کی آوازیں گونجتی رہیں۔ ان کی شرارتوں نے انسان اور جنگلی حیات کے باہمی تعلق کی دلکش یاد تازہ کر دی۔ چڑیا گھر کے نائب صدر اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈین وتانابے نے شہوا کو بتایا کہ ہمیں سان ڈیا گو چڑیا گھر میں نئے قمری سال کی تقریبات منعقد کرنا بہت پسند ہے۔ یہ دنیا بھر کی ثقافتوں کو منانے اور ساتھ ہی جنگلی حیات اور تحفظ کے بارے میں آگاہی دینے کا موقع ہے تاکہ لوگ دنیا بھر میں جنگلی حیات کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ لاس اینجلس میں چین کے نائب قونصل جنرل ہوانگ جیانگ نے بھی شراکت داری کے جذبے کی عکاسی کرتے ہوئے کہا کہ دیو قامت پانڈے چین اور امریکہ کے درمیان دوستی اور تعاون کی علامت ہیں۔ ہوانگ نے امید ظاہر کی کہ نیا سال دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرے گا اور عوامی سطح پر روابط کو مضبوط بنائے گا۔

چین کی ریلوے بہار تہوار کی تعطیلات میں واپسی کے بڑے رش کیلئے تیار

بیجنگ (شہوا) چین میں بہار تہوار کی 9 روزہ تعطیلات کے آخری دن 23 فروری کو واپس آنے والے مسافروں کی تعداد عروج پر رہی۔ اس روز ریلوے نظام کے ذریعے سفر کی تعداد ایک کروڑ 85 لاکھ تک رہنے کا تخمینہ لگایا گیا۔ چائنہ سٹیٹ ریلوے گروپ کمپنی لمیٹڈ نے کہا کہ پیر کے روز سفر کی تعداد پچھلے دن کئے گئے تقریباً ایک کروڑ 83 لاکھ مسافروں کے سفر کے برابر رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ شدید سفری طلب کو پورا کرنے کے لئے پیر کے روز اضافی 2297 ٹرینیں چلانے کی منصوبہ بندی کی گئی۔ ادارے کے مطابق بیجنگ، شنگھائی، گوانگ ژو اور شین زین جیسے بڑے شہروں میں پیر کے روز مسافروں کی آمد و رفت میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ مختلف علاقوں میں ریلوے حکام نے ہموار سفری سہولیات کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات نافذ کئے ہیں۔

بعد از سیلاب 2025 جامع جائزے کا آغاز

پوسٹ 2025 فلڈز پر جامع اسیسمنٹ شروع پنجاب اور پختونخوا سے ڈیٹا طلب

اسلام آباد(صباح نیوز)حکومتِ پاکستان نے پوسٹ 2025 فلڈز پر جامع اسیسمنٹ کا آغاز کر دیا ہے، پنجاب اور خیبر پختونخوا سے ڈیٹا طلب کر لیا گیا۔ وزارتِ منصوبہ بندی کے تحت فلڈ لاسز، ریکوری اور ریزیلینس روڈمیپ تیار ہوگا، پنجاب اور خیبر پختونخوا کے 14 اضلاع سے تفصیلی ڈ

روزنامہ اکثریت پشاور

نوٹ: ادارے کا کالم نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں

E-mail:aksriyat@gmail.com

0300-5711561

پبلشر یوسف خان نے طارق پرنٹرز، نزد الخیر پلازہ خیبر بازار سے چھپوا کر دفتر "روزنامہ اکثریت" محلہ قاضی خیلہ اندرون گنج پشاور سے شائع کیا۔

دفاعِ وطن کا تقاضا

افغانستان کے علاقے ننگرہار پکتیکا اور خوست میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں پر پاکستان کی انٹیلی جنس بیسڈ سٹرائیکس میں دہشت گردوں کے سات ٹھکانوں کو تباہ کر دیا گیا اور ان کارروائیوں میں 80 کے قریب دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ افغانستان کی جانب سے پاکستان میں جاری دہشت گردی کے مسلسل واقعات کے بعد یہ ناگزیر ہو چکا تھا کہ ریاست ان دشمنوں کے خلاف موثر اقدامات کرے۔ پاکستان کو ہرگز یہ نہ کرنا پڑتا اگر طالبان رجیم اپنے دعووں میں سچا اور وعدوں میں کھرا ثابت ہوتا۔ اس میں دورائے نہیں کہ پاکستان میں دہشت گردی کے محرک افغانستان میں موجود ہیں وہیں ان واقعات کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے اور دہشت گردوں کو تربیت دے کر بھیجا جاتا ہے۔ اکثر واقعات میں دیکھا گیا کہ اسلحہ بھی افغانستان سے آیا اور دہشت گردی میں ملوث کئی عناصر سے وہ آلات برآمد ہوئے جو غیر ملکی افواج انخلا کے وقت افغانستان میں چھوڑ گئی تھیں۔

اس کے بعد تو کوئی شبہ نہیں رہ جاتا کہ دہشت گردی کی تاریں سرحد پار سے ہلائی جاتی ہیں۔ مگر طالبان رجیم سے اس ضمن میں جب بھی سوال یا شکایت کی گئی تو انہوں نے پاکستان کے تحفظات کو مان کر نہیں دیا۔ اس صورتحال میں ریاست کی جانب سے موثر اقدامات قومی دفاعی تقاضا تھے۔ دہشت گردی کے مسلسل واقعات اور پاکستان کی شکایت کے پیش نظر بہتر ہوتا کہ طالبان کی عبوری حکومت خود اقدامات کرتی اور دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کی شکایات کا ازالہ کیا جاتا۔ ایسا ہوتا تو پاکستان کو سرحد پار کارروائی کی ضرورت پیش نہ آتی۔ مگر طالبان رجیم الٹا پاکستان پر الزام تراشی کرتا آیا ہے۔ ان حالات میں پاکستان کیلئے سرحد پار دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر کارروائی ایک ضروری اقدام تھا۔ یہ کارروائیاں امید ہے کہ دہشت گردوں کے کمانڈ اور کنٹرول سٹرکچر کو توڑنے میں کافی موثر ثابت ہوں گی مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ سرحد پار دہشت گردوں کی حرکیات پر گہری نظر رکھی جائے اور انہیں اکٹھا ہونے نئے ٹھکانے بنانے اور دہشت گردی کے واقعات کی منصوبہ بندی کی مہلت نہ دی جائے۔

پاکستان کی جانب سے یہ اقدامات مجبوری کے عالم میں کئے جاتے ہیں۔ افغانستان کی اپنی حکومت اگر اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے اور پورا کرنے کے قابل ہوتی تو پاکستان کو ان کارروائیوں کی ضرورت پیش نہ آتی۔ مگر ان حالات میں جب طالبان کی عبوری حکومت خود دہشت گردوں کے ساتھ مل چکی ہے پاکستان کو اپنے دفاع کے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرنا چاہیے۔ افغانستان میں دہشت گردی کے اڈے صرف پاکستان نہیں خطے کے سبھی ممالک حتیٰ کہ دور دراز کے ممالک کیلئے بھی خطرہ ہیں۔ اس مسئلے کا احساس اجاگر کرنے اور دنیا کو اس معاملے میں متحرک کرنے کیلئے پاکستان کو قائدانہ کردار ادا کرنا چاہیے۔ افغانستان کی عبوری حکومت کا کردار بھی دنیا کیلئے چشم کشا ہونا چاہیے۔ یہ رجیم افغانستان کے عوام کی منشا کی نمائندگی نہیں کرتا۔ کسی بھی ملک کے عوام کی طرح افغانستان کے لوگ بھی یقیناً نہیں چاہتے ہوں گے کہ ان کا ملک مستقل جنگ وجدل اور بدامنی و دہشت گردی کا گڑھ بنا رہے۔

طالبان کے تسلط میں افغانستان جس ڈگر پر ہے ایسے میں نہ صرف وہاں کے عوام کے انسانی حقوق کی پامالی کا سلسلہ رکنے کا کوئی امکان نہیں بلکہ ہمسایہ ممالک کی سلامتی بھی محفوظ نہیں۔ افغانستان میں اقتدار سنبھالے طالبان کو پانچواں برس ہے مگر صورتحال بد سے بدتر ہوئی ہے۔ لڑکیوں کو تعلیم اور خواتین ڈاکٹروں کو کام سے روکا گیا۔ ہمسایہ ممالک کے خلاف دہشت گردی کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ طالبان کے اقتدار کا تلخ تجربہ افغانستان کے عوام اور خطے کے ممالک کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔

پشتو ڈیپارٹمنٹ: تحقیقی مرکز یا ذاتی مفادات کا پبلشنگ ہاؤس؟

سلیم شاہ ہوتی

مادری زبانوں کے عالمی دن کی چکا چوند میں جہاں ہر طرف پشتو کی بقا کے نعرے گونج رہے ہیں، وہیں پشاور یونیورسٹی کے قدیم ترین پشتو ڈیپارٹمنٹ کی ویرانی ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ اس سال ایک بھی طالب علم کا داخلہ نہ لینا اس علمی زوال کا نقطۂ کمال ہے جس کی بنیادیں عشروں پہلے کرپشن اور اقربا پروری پر رکھی گئی تھیں۔ یہ تباہی اچانک نہیں آئی، بلکہ یہ اس "خفیہ سچ" کا نتیجہ ہے جسے دبانے کی مجرمانہ کوشش کی گئی۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ وفاقی حکومت نے پشتو شعبہ میں پائی جانے والی بے قاعدگیوں اور زبوں حالی کا پتہ لگانے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی انکوائری مقرر کی تھی۔ اہم بات یہ ہے کہ یہ انکوائری اس وقت کے وفاقی وزیرِ تعلیم نے پشاور یونیورسٹی کے وائس چانسلر عبدالعلی خان جیسی مشہور اور دیانتدار شخصیت کی مکمل رضا مندی سے آرڈر کی تھی۔ اس انکوائری کی سربراہی ممتاز دانشور اور محقق سید رسول رسا کو سونپی گئی تاکہ وہ شعبے کی خامیوں کو منظرِ عام پر لائیں اور بہتری کے لیے تجاویز دیں۔

سید رسول رسا نے اپنی رپورٹ میں بڑی دلیری سے انکشاف کیا تھا کہ اربابِ اختیار نے اس مقدس تعلیمی ادارے کو ریسرچ سینٹر کے بجائے ایک "پبلشنگ ہاس" میں بدل دیا ہے۔ وہ ادارے کی علمی ترویج کے بجائے ذاتی و شخصی پروموشن اور کتابوں کی چھپائی میں مگن رہتے تھے، جو ان کی کمائی کا بنیادی ذریعہ بن چکا تھا۔ رپورٹ میں درج تھا کہ یہ لوگ علمی کام کے بجائے اس تاک میں بیٹھے رہتے تھے کہ کس طرح "شکار" پکڑ کر ذاتی مفاد حاصل کیا جائے۔

رسول رسا صاحب نے تقرریوں اور ترقیوں میں ہونے والی سنگین بے قاعدگیوں کا بھی کچا چٹھا کھول کر رکھ دیا تھا۔ لیکن افسوس کہ وفاقی وزیرِ تعلیم اور وائس چانسلر عبدالعلی خان کی سرپرستی میں ہونے والی اس چشم کشا رپورٹ کو، پیش کیے جانے کے بعد "نامعلوم وجوہات" کی بنا پر دبا دیا گیا۔ میں نے 1997 میں "روزنامہ فرنٹیر پوسٹ" میں اس اسٹوری کو ایکسلوسیو خبر کے طور پر شائع کیا تھا تاکہ عوام کو اس لوٹ مار سے آگاہ کیا جا سکے، مگر نظام کی بے حسی نے اس سچ کو دفن کر دیا۔

آج جب اس شعبے میں سناٹا ہے، تو یہ رسول رسا کی اسی رپورٹ کی سچائی پر مہرِ تصدیق ہے۔ وہ ادارہ جو پشتونوں کی عادات، کلچر اور معاشرت پر تحقیق کا مرکز ہونا چاہیے تھا، اسے چند افراد نے اپنی تجوریاں بھرنے کے لیے استعمال کیا۔ جب استاد اور محقق کا مقصد صرف کتابیں چھپوا کر پیسے بنانا اور من پسند بھرتیاں کرنا ہو جائے، تو پھر طالب علم وہاں سے کیوں نہ بھاگے؟

اگر ہم واقعی پشتو سے محبت کا دعویٰ کرتے ہیں، تو ہمیں اس "اکیڈمک مافیا" کا احتساب کرنا ہوگا۔ سید رسول رسا کی وہ رپورٹ آج بھی انصاف کی منتظر ہے، تاکہ پشاور یونیورسٹی کے اس تاریخی شعبے کو شخصی مفادات کی قید سے چھڑا کر ایک حقیقی علمی گہوارہ بنایا جا سکے۔ ورنہ یاد رکھیے، زبانیں نعروں سے نہیں، دیانتدارانہ علمی ریسرچ اور شفاف اداروں سے زندہ رہتی ہیں۔

آبادی کا بے لگام پھنور، بیداری کی کنجی میڈیا کے ہاتھ میں

محمد مظہر رشید چودھری

ملک کو درپیش مسائل کی طویل فہرست میں ایک ایسا بحران بھی ہے جو بظاہر شور نہیں مچاتا مگر اندر ہی اندر ہماری اجتماعی پیش رفت کو کھوکھلا کرتا جا رہا ہے۔ یہ بحران ہے آبادی میں بے ہنگم اضافہ۔ یہ محض اعداد و شمار کا کھیل نہیں بلکہ وسائل، مواقع اور انسانی وقار سے جڑا ہوا ایک ہمہ جہت چیلنج ہے۔ اگر اس مسئلے کو قومی ترجیح نہ بنایا گیا تو ترقی کے تمام دعوے کاغذی رہ جائیں گے اور عام آدمی کی زندگی مزید دشوار ہو گی۔ حال ہی میں ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس اوکاڑہ کی جانب سے اوکاڑہ میں منعقدہ آگاہی نشست نے اس حقیقت کو نہایت واضح انداز میں پیش کیا کہ آبادی کا مسئلہ اب موخر کیے جانے کے قابل نہیں رہا۔ یہ نشست حکومت پنجاب کے خصوصی پروگرام 'چیف منسٹر پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پلاننگ' کے تحت منعقد ہوئی، جس میں ماہرین صحت، انتظامی افسران اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ اس مکالمے کا مرکزی نکتہ یہی تھا کہ محدود وسائل کے ساتھ لامحدود آبادی کی رفتار معاشی توازن کو بگاڑ دیتی ہے۔ تقریب کے کلیدی مقرر چودھری عاصم ہدایت نے نہایت سنجیدہ لہجے میں کہا کہ وسائل اور آبادی کے درمیان بڑھتا ہوا فاصلہ ہماری سب سے بڑی کمزوری بنتا جا رہا ہے۔ خوراک، صاف پانی، صحت اور تعلیم جیسے بنیادی حقوق تبھی یقینی بن سکتے ہیں جب آبادی کی رفتار معقول حدود میں ہو۔ انہوں نے خاندانی منصوبہ بندی کو محض تعداد گھٹانے کا عمل نہیں بلکہ نسل نو کے لیے بہتر امکانات پیدا کرنے کی حکمت عملی قرار دیا۔ ان کی بات میں ایک اہم انسانی پہلو یہ تھا کہ کم بچے، بہتر نگہداشت اور مضبوط معاشرتی ڈھانچے کی بنیاد رکھتے ہیں۔ طبی نقطہ نظر سے گفتگو کرتے ہوئے سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر فواد احمد افتخار نے ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے نہایت سادہ مگر فیصلہ کن اصول بیان کیا کہ دو بچوں کی پیدائش کے درمیان کم از کم تین سال کا وقفہ ہونا چاہیے۔ یہ وقفہ ماں کی جسمانی بحالی، نومولود کی غذائی ضروریات اور خاندان کی معاشی منصوبہ بندی تینوں کے لیے مفید ہے۔ انہوں نے اس غلط فہمی کو بھی چیلنج کیا کہ آبادی کے مسئلے کی ذمہ داری صرف خواتین پر عائد ہوتی ہے، حالانکہ مردوں کی شمولیت کے بغیر کوئی بھی پالیسی نتیجہ خیز نہیں ہو سکتی۔ اس نشست کا ایک اہم پہلو میڈیا کے کردار پر متفقہ زور تھا۔ محکمہ صحت اور آبادی کے پاس اعداد و شمار ضرور ہوتے ہیں، مگر ان اعداد کو عوامی شعور میں تبدیل کرنے کی قوت میڈیا کے پاس ہے۔ خبر جب دلیل کے ساتھ معاشرتی تناظر میں پیش ہوتی ہے تو رویوں میں تبدیلی کا راستہ بنتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مقامی صحافیوں اور کالم نگاروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آبادی کے مسئلے کو وقتی خبر نہیں بلکہ مستقل قومی ایجنڈا بنائیں گے۔ سماجی و مذہبی قیادت کی شمولیت بھی اس بیانیے کا لازمی حصہ ہے۔ معاشرے میں پائی جانے والی بہت سی غلط فہمیاں علمی رہنمائی سے دور ہو سکتی ہیں۔ جب ماں اور بچے کی صحت، خاندان کی کفالت اور ذمہ دارانہ طرزِ زندگی کے دینی و اخلاقی پہلو واضح کیے جاتے ہیں تو عوام میں قبولیت بڑھتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ علما، اساتذہ اور سماجی کارکن ایک مربوط پیغام کے ساتھ آگے آئیں۔ حقیقت یہ ہے کہ آبادی میں بے قابو اضافہ محض ایک شعبے کا مسئلہ نہیں۔ پانی کی قلت، ماحولیاتی آلودگی، بے روزگاری، شہری دباؤ اور تعلیم کے کم ہوتے معیار سب اسی زنجیر کی کڑیاں ہیں۔ جب شہروں کی گنجائش سے زیادہ بوجھ پڑتا ہے تو رہائش، ٹرانسپورٹ اور صحت کے نظام لڑکھڑا جاتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں زمین کی تقسیم اور روزگار کے محدود مواقع غربت کو پختہ کرتے ہیں۔ یوں ایک ایسا دائرہ بنتا ہے جس سے نکلنا مشکل ہوتا جاتا ہے۔ یہ بھی تسلیم کرنا ہوگا کہ پالیسی سازی کے ساتھ ساتھ رویوں میں تبدیلی ناگزیر ہے۔ خاندان کے سائز کے بارے میں فیصلے صرف جذبات سے نہیں بلکہ ذمہ داری کے احساس سے ہونے چاہئیں۔ تعلیم یافتہ اور صحت مند نسل ہی قومی سرمایہ بنتی ہے۔ اس لیے اسکولوں کے نصاب، کمیونٹی پروگرامز اور عوامی مہمات میں ذمہ دارانہ والدینیت کو مرکزی حیثیت دی جانی چاہیے۔ میڈیا اس پورے عمل میں پل کا کردار ادا کر سکتا ہے۔ جب صحافت مسئلے کی جڑ تک پہنچ کر حل کی سمت اشارہ کرتی ہے تو عوامی مکالمہ سنجیدہ ہوتا ہے۔ مثبت مثالیں، درست معلومات اور قابلِ عمل رہنمائی لوگوں کو فیصلے کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اسی شعور کی بدولت ایک چھوٹا مگر مضبوط خاندان معاشی استحکام اور سماجی ہم آہنگی کی بنیاد رکھتا ہے۔ آخر کار، آبادی کا سوال سیاسی یا علاقائی نہیں بلکہ قومی بقا کا سوال ہے۔ اگر آج سنجیدگی سے قدم نہ اٹھایا گیا تو کل کے امکانات سکڑ جائیں گے۔ امید کی کرن یہی ہے کہ ریاستی ادارے، طبی ماہرین، مذہبی و سماجی قیادت اور میڈیا ایک مشترکہ مقصد پر متفق دکھائی دیتے ہیں۔ اگر یہ ہم آہنگی برقرار رہی اور پیغام ملک بھر میں پھیلا تو پاکستان اس بے لگام پھنور سے نکل کر متوازن ترقی کی سمت گامزن ہو سکتا ہے۔

عمران خان رہائی فورس: جدوجہد یا سیاسی خود فریبی؟

رفیع صحرائی

پاکستان کی سیاست ایک بار پھر جذبات، نعروں اور صف بندیوں کے نئے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی جانب سے "عمران خان رہائی فورس" کے قیام کا اعلان بظاہر اپنے قائد عمران خان سے وفاداری کا اظہار ہے مگر اس اقدام کے سیاسی مضمرات کہیں زیادہ گہرے اور پیچیدہ ہیں۔ سوال یہ نہیں کہ فورس بن سکتی ہے یا نہیں، سوال یہ ہے کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا اور سب سے زیادہ فائدہ کس کو ہوگا؟

تلخ حقیقت یہ ہے کہ اس فورس کے قیام کی سب سے زیادہ خوشی شاید وفاقی حکومت اور اس کے اتحادیوں کو ہو۔ موجودہ سیاسی بندوبست میں عمران خان کا جیل میں رہنا حکومت کے لیے ایک طرح کی انشورنس پالیسی ہے۔ جب تک وہ جیل میں ہیں، سیاسی درجہ حرارت کنٹرولڈ حد میں رہے گا، اپوزیشن سڑکوں پر بکھری رہے گی اور مذاکرات کا دروازہ پی ٹی آئی کی جارحانہ پالیسی کی وجہ سے بند رہے گا۔ یہ صورتِ حال وفاقی حکومت کے لیے بہت موزوں ہے۔ کیونکہ حکومت کی بقا اسی میں ہے کہ پاکستان تحریک انصاف مذاکرات کی میز پر آنے کے بجائے "ڈٹ کے کھڑا ہے کپتان" کے بیانیے پر چلتی رہے۔ یہ حقیقت ہے کہ سیاست دان مذاکرات سے بند گلی میں بھی دروازے نکال لیتے ہیں لیکن انتشار اور طاقت کے ذریعے نہ حکومت جھکتی ہے اور نہ ہی مقتدرہ۔

پی ٹی آئی حلقوں میں رانا ثناءاللہ کے حالیہ انٹرویو کا کلپ خوب وائرل کیا جا رہا ہے جس میں انہوں نے دعویٰ کیا کہ عمران خان کی رہائی کے لیے دو سنجیدہ کوششیں ہوئیں مگر عمران خان نے کمپرومائز سے انکار کیا۔ پارٹی اسے بہادری اور اصول پسندی کی علامت بنا کر پیش کر رہی ہے۔ پارٹی ورکرز اس بات پر خوشی و فخر کا اظہار کر رہے ہیں کہ ان کے لیڈر نے جھکنے سے انکار کر دیا ہے۔ ان کا موقف ہے کہ خان ساری عمر جیل میں گزار لے گا لیکن جھکے گا نہیں۔ سوچنے والی بات یہ ہے کہ رانا ثناءاللہ کا بیان کیا واقعی اتنا سادہ تھا یا یہ ایک نفسیاتی حربہ تھا۔

یہ پیغام دراصل پی ٹی آئی قیادت اور سپورٹرز کو ڈی کوڈ کرنے میں غلطی ہوئی ہے۔ یہ بیان باور کروا رہا ہے کہ "ڈٹ کے کھڑا ہے کپتان" کا بیانیہ ہی رہائی کو مزید دور اور قید کو طویل کر رہا ہے۔ جب قیادت لچک کو کمزوری سمجھے اور کارکن ہر مفاہمت کو غداری قرار دیں تو سیاسی راستے خود بخود بند ہوتے چلے جاتے ہیں۔

دلچسپ پہلو یہ ہے کہ سہیل آفریدی کی دو ہفتے قبل وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ عمران خان کے معاملے پر کوئی بات نہیں ہوئی۔ اب اچانک رہائی فورس کا اعلان سامنے آ گیا۔ عموماً ایسی فورس اس وقت بنائی جاتی ہے جب مذاکرات ناکام ہو جائیں اور خیر سگالی کی تمام کوششیں ناکام ہو جائیں۔ تب آخری راستہ سٹریٹ پاور کا رہ جاتا ہے۔ یہاں مذاکرات کی سنجیدہ کوشش ہی نہیں کی گئی۔ بدقسمتی سے پی ٹی آئی کی سیاسی حکمت عملی اکثر الٹ رہی ہے۔ آخری آپشن پہلے استعمال کیا جاتا ہے اور پہلا آپشن آخر میں۔ احتجاج پہلے کیا جاتا ہے اور بات چیت بعد میں کی جاتی ہے یا شاید کبھی کی ہی نہیں جاتی۔

آپ دیکھ لیجیے گا، اس مجوزہ فورس میں عام کارکن اور جذباتی نوجوان بڑی تعداد میں شامل ہوں گے۔ قیادت کی اپنی اولاد شاید اس فہرست میں دور دور تک نظر نہ آئے۔ اگر کل کو اس رجسٹرڈ فورس پر کریک ڈاؤن ہوتا ہے تو گرفتاریاں انہی عام گھروں کے نوجوانوں کی ہوں گی جس طرح نومئی کے بعد ہوئی تھیں۔ پارٹی نے ان ورکرز کو نہ صرف بے یارومددگار چھوڑ دیا تھا بلکہ عمران خان نے بذاتِ خود ان سے اظہارِ لاتعلقی کر دیا تھا۔ ان کے مقدمات کی پیروی کے لیے ان کے گھر والوں کو عدالتوں کے دھکے کھانے پڑے تھے۔ اپنی جیب سے وکلاء کی فیسیں دینی پڑی تھیں۔ پارٹی نے پلٹ کر ان کی خبر نہ لی تھی یہاں تک کہ سزا سننے کے بعد عمران خان کے سگے بھانجے حسان نیازی رو پڑے تھے کہ مشکل وقت میں پارٹی نے انہیں بے یارومددگار چھوڑ دیا۔ اب بھی مجوزہ فورس اگر حد سے تجاوز کرے گی تو اسے کریک ڈاؤن کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایسی صورت میں سہیل آفریدی سمیت باقی قیادت کو کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ فرق تو عام ورکرز کو پڑے گا جو اپنی سادگی یا وفاداری میں اپنا مستقبل برباد کر بیٹھیں گے۔ طلبہ اپنے تعلیمی اداروں سے، پروفیشنلز اپنے روزگار سے جائیں تو جائیں، قیادت محفوظ رہے گی۔ پاکستان کی حالیہ تاریخ میں احتجاجی تحریکوں میں یہی ہوتا آیا ہے: جذباتی لوگ آگے، فیصلہ ساز پیچھے۔ علیمہ خان کی دھرنے اور احتجاج کی کالوں کی صورتِ حال سب کے سامنے ہے۔ ایم پی ایز اور ایم این ایز ان میں کبھی شریک نہیں ہوئے۔

وفاقی حکومت پہلے ہی اس بیانیے سے خوش ہے کہ خیبر پختونخوا کی قیادت گورننس اور عوامی فلاح کی بجائے احتجاجی سیاست میں مصروف ہے۔ اپنے ہی صوبے میں سڑکیں بلاک کرنے، نظام زندگی مفلوج کرنے اور میڈیا رپورٹس کے مطابق مریضوں کے بروقت اسپتال نہ پہنچنے جیسے واقعات عوام کی آنکھیں کھولنے کے لیے کافی ہیں۔ دوسری طرف پنجاب میں ترقیاتی رفتار کا تاثر خیبر پختونخوا کے لوگوں میں احساسِ محرومی کو بڑھا رہا ہے۔ جب عوام دونوں صوبوں کے درمیان روزگار، تعلیم، صحت اور دیگر سہولتوں کا موازنہ کرتے ہیں تو جذباتی نعرے دیرپا اثر نہیں رکھتے۔

حقیقت پسندانہ تجزیہ یہی کہتا ہے کہ "عمران خان رہائی فورس" عمران خان کو تو شاید رہا نہ کروا سکے مگر بہت سے نوجوانوں کا مستقبل ضرور داؤ پر لگا سکتی ہے۔ پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کی آشیرباد کے بغیر کوئی بڑی سیاسی تحریک کامیاب نہیں ہوئی۔ جو تحریکیں محض سڑکوں پر رہیں وہ یا تو تھک گئیں یا تحلیل ہو گئیں۔ اصل سوال یہ نہیں کہ وفاداری کس نے زیادہ دکھائی۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا یہ حکمت عملی رہائی کو قریب لائے گی یا مزید دور دھکیل دے گی؟ کیا سیاسی دروازے بند کر کے صرف جذباتی بیانیہ اپنانا دانشمندی ہے؟ یا پھر مذاکرات، لچک اور تدبر ہی وہ راستہ ہے جس سے بند گلی میں بھی راستہ نکلتا ہے؟ اگر مقصد واقعی رہائی ہے تو سیاسی شطرنج کے مہرے جذبات سے نہیں، حکمت سے چلانے ہوں گے ورنہ "ڈٹ کے کھڑا ہے کپتان" کا نعرہ تاریخ میں تو گونجے گا لیکن عملی سیاست میں شاید ایک اور طویل قید کا پیش خیمہ بن جائے۔

☆☆☆☆

رمضان اور غزہ کے مسلمان

میر افسر امان

دو سالوں سے ہمارے غزہ کے مسلمان ظالم، سفاک، وحشی، اللہ کے نافرمان یہود کے ظلم سہہ رہے ہیں۔ ۱۸ فروری ان کا پہلا روزہ تھا۔ یہود نے غزہ کی ساری مساجد تباہ کر دیں ہیں۔ کھنڈرات پر غزہ کے مظلوموں نے رمضان کے ماہ کی نماز پڑی۔ اللہ یہود سے ان مظلوموں کا بدلہ لے آمین۔ اللہ تعالیٰ قرآن مین فرماتا ہے۔ "اے ایمان والو تم پر روزے فرض کر دیے گئے، جس طرح تم سے پہلے انبیاء کے پیروں پر فرض کیے گئے تھے۔ اس سے توقع ہے کی تم میں تقویٰ کی صفت پیدا ہو گی" (البقرۃ:۱۸۳) اس سے معلوم ہوا کہ روزے ایمان لانے والو، یعنی مسلمانوں پر فرض کیے گئے ہیں۔ جس طرح اس سے پہلے کے انبیاء کے امتوں پر فرض کیے گئے تھے۔ اس سے توقع کی جاتی ہے کی تم میں تقویٰ کی صفت پیدا ہو گی یعنی تم پکے مسلمان بن جاؤ گا تقویٰ کا مفہوم ایک صحابی نے معلوم کیا تو کہا گیا کہ تم کبھی کھیتوں کے درمیان پگڈنڈی سے گزرے ہو۔ تم اپنا پلو سمیٹ کر جھاڑیوں سے گزرتے ہو۔ یہی بات ہے کہ دنیا میں اپنے آپ کو گناؤں سے بچا کر زندگی گزارنا کا نام تقویٰ ہے۔ اسلام ساری تعلیمات بتدریج نافظ کی گئی ہے اس طرح روزے بھی مکہ سے مدینہ میں ہجرت کے اٹھارہ مہینے بعد فرض کیے گئے۔ رسول اللہ نے ابتداء میں مسلمانوں کو صرف تین روزے ہر مہینے میں رکھنے کی ہدایت فرمائی تھی پھر جب ۲ ہجری میں رمضان کے روزوں کا حکم جب قرآن میں نازل ہوا تو اتنی رعائیت رکھی گئی کہ کہ جو لوگ روزے کو برداشت کرنے کی طاقت رکھتے ہوں اور پھر بھی روزہ نہ رکھیں تو وہ ہر روزے کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلا دیا کریں۔ بعد میں دوسرا حکم نازل ہوا اور عام رایت منسوخ کر دی گئی صرف مریض، مسافر اور حاملہ یا دودھ پلانے والی عورت اور ایسے بڈھے لوگوں کے لیے جن میں روزے کی طاقت نہ ہو ان کے لیے اس ریاعت کو برقرار رکھا گیا۔ تقویٰ کی صفت کے علاوہ قرآن میں ایک مقصد یہ بھی بیان ہوا ہے کہ "اور جس ہدایت سے اللہ نے تمیں سرفراز فرمایا ہے، اس پر اللہ کی کبریائی کا اظہار و اعتراف کرو اور شکر گزار بنو" (البقرۃ:۱۸۵) اس سے معلوم ہوا کہ انسان اس دنیا میں اللہ کا شکر گزار بندہ بن کر رہے اور دوسروں کو بھی شکر گزار بننے میں مددگار ہو اس کا کام اللہ کے دین کو اللہ کی زمین پر نافذ کرنے کا کام ہے اور اس کا بہترین ذریعہ روزہ ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ فرمایا کہ "رمضان میں آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں" مطلب کہ جتنی نیکیاں کر سکتے ہو کرتے چلے جاؤ جنت کے دروازے تمہارے کھلے ہوئے ہیں اگر صدقہ کے دروازے سے جنت میں داخل ہو سکتے ہو تو صدقہ و خیرات کرو، اگر روزے کے دروازے، تلاوت کے دروازے سے، اگر برائیوں سے اجتناب کے دروازے سے پہنچ سکتے ہو تو پہنچو۔ فرمایا کہ "جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں" اس کا مطلب یہ ہے کہ رمضان کے مہینے میں انسان برائیوں سے بچتا ہے اور زیادہ سے زیادہ نیکیوں کی طرف مائل ہوتا ہے اس لیے جہنم کے دروازے بند ہوتے ہیں فرمایا کہ "شیاطین باندھ دیے جاتے ہیں" کیونکہ رمضان کے مہینے میں نیکیاں فروغ پاتی ہیں ہر طرف نیکیوں کی بہار ہوتی ہے اس لیے شیطان کی کارفرمائی رک جاتی ہے تمام مسلمان روزے میں ہوتے ہیں اللہ کی طرف رجوع کا ایک ماحول پیدا ہوتا ہے اس لیے شیطان کا حملہ ناممکن ہو جاتا ہے اس لیے کہ شیطان بندھ جاتے ہیں۔

ایک حدیث میں ہے کہ "رسول اللہ نے فرمایا جنت کے آٹھ دروزوں میں ایک دروازہ ریان ہے" مراد کہ وہ دروزہ جو سیراب کرنے والا ہے۔ اس کی مثال اس طرح ہے کہ ایک آدمی پوری طرح اللہ کے احکاما ت پر عمل کرتا ہے لہٰذا اس کو اللہ پورا اجر دے گا مگر ساتھ ساتھ وہ آدمی فیاضی، سخاوت، انفاق فی سبیل اللہ اور جہاد فی سبیل اللہ میں بھی مصروف رہتا ہے لہٰذا وہ ان نیکیوں کی وجہ سے بھی ریان دروازے سے جنت میں داخل ہو گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ "رسول اللہ نے فرمایا جن آدمیوں نے ایمان اور احتساب کے ساتھ روزے رکھے اس کے پہلے کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے" بندہ اگر بنیادی طور پر اللہ تعالیٰ کا وفادار ہے اور جان بوجھ کر اس کے مقابلے میں استکبار اور سرکشی والا نہیں تو اگر اس سے کسی وقت کوئی قصور سرزد ہو جاتا ہے اور اس قصور کے بعد وہ پھر خدا کے دربار میں نماز کے لیے حاضر ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنی مغفرت سے محروم نہیں کرے گا کیونکہ وہ ٹھوکر تو کھا گیا مگر اپنے رب سے بھاگا نہیں۔ اس بنا پر کہا گیا ہے کہ جس نے ایمان اور احتساب کے ساتھ روزے رکھے اس کے پہلے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ "رسول اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیونکہ روزہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا" کیونکہ باقی ساری عبادات ظاہری فعل ہے جو نظر آتے ہیں لیکن روزہ ایک مخفی فعل ہے جو نظر نہیں آتا جو فقط آدمی اور اس کے رب کے درمیان ہوتا ہے اس لیے اللہ روزے دار کو بے حساب اجر دے گا۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ "رسول اللہ نے فرمایا رمضان میں اللہ کی طرف سے ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے جو اس رات کی بھلائی سے محروم رہا وہ بس محروم ہی رہ گیا" اس سے مراد لیلۃ القدر ہے یعنی وہ رات کس میں قرآن نازل ہوا جیسا کی قرآن میں ہے کہ "ہم نے اس قرآن کو شب قدر میں نازل کیا ہے۔ اور تم کیا جانو کی شب قدر کیا ہے۔ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے" (القدر: ۱تا۳) ہزار سے مراد بڑی کثرت ہے وہ رات جس میں قرآن نازل ہوا ہزار مہینوں سے زیادہ بہتر ہے انسان کی بھلائی کے لیے صرف اس ایک رات میں جو بھلائی کا کام ہوا وہ ہزار مہینوں میں بھی نہیں ہوا۔ جس نے اس رات میں عبادت کا اہتمام کیا اس نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ جس نے عبادت نہیں کی وہ محروم رہ گیا۔ گو کہ حکومت وقت نے رمضان آڈر کے ذریعے رمضان کے احرام کا انتظام کیا ہوا ہے پھر بھی اگر مسلمانوں کی بستیوں میں روزے کے اثرات کا امتحان لینا ہو ہے تو اس کو مثال سے اس طرح سمجھنا چاہیے کہ سکتہ کے مریض کا آخری اِمتحان اس طرح کیا جاتا ہے کہ اس کی ناک کے پاس آئینہ رکھتے ہیں۔ اگر آئینہ پر کچھ دُھند لاہٹ پیدا ہو تو سمجھتے ہیں کہ ابھی جان باقی ہے، ورنہ اس کی زندگی کی آخری اُمید بھی منقطع ہو جاتی ہے۔ اِسی طرح مسلمانوں کی کسی بستی کا تمہیں امتحان لینا ہو تو اسے مضان کے مہینے میں دیکھو۔ اگر اس مہینے میں اس کے اندر کچھ تقویٰ، کچھ خوفِ خدا، کچھ نیکی کا اُبھار کا جذبہ نظر آئے تو سمجھو ابھی زندہ ہے اور اگر اس مہینے میں نیکی کا بازار سرد ہو، فسق و فجور کے آثار نمایاں ہو، اور اسلامی حس مردہ نظر آئے تو انا اللہِ وَ اِنا اِلیہ راجعون پڑھ لو۔ اس کے بعد زندگی کا کوئی سانس مسلمان لے لیے مقدر نہیں ہے۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی۔

اللہ سے دعاء ہے کہ اللہ مسلمانوں کو رمضان سمیت ساری عبادات پر سچے دل سے عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ دنیا اور آخرت میں سرخ رو کرے۔ مسلمان ملکوں میں اسلامی نظام زندگی کا نفاذ ہو۔ امن امان ہو دہشت گردی ختم ہو۔ ایک دوسرے کا احترام ہو۔ دکھوں کی ماری امت مسلمہ کو سکون نصیب ہو آمین۔

زکوٰۃ کیسے ادا کریں؟

ایم سرور صدیقی

بینک میں ایک صاحب بڑے غصہ میں تھے کہ ان کی اجازت کے بغیر بینک والوں نے کیونکر زکوٰۃ منہا کر لی میرے پیسے ہیں زکوٰ

عظیم موسیقار جے دیو جن کی موسیقی سے آراستہ نغموں نے سامعین کو اپنا گرویدہ بنایا

ممبئی۔ (یو این آئی) اپنی موسیقی سے آراستہ گانوں سے سامعین کو مسحور کرنے والے عظیم موسیقار جے دیو جن کا اصل نام جے دیو ورما ہے، 3 اگست 1918 کو پیدا ہوئے۔ ان کا بچپن کافی مشکلات میں گزرا۔ کم عمری میں والدین کا سایہ سر سے اٹھ جانے کے بعد انہوں نے رشتہ داروں کے زیرِ سایہ پرورش پائی۔ موسیقی سے ان کا رجحان بچپن ہی سے تھا، جسے انہوں نے سخت حالات کے باوجود زندہ رکھا۔ جے دیو نے کلاسیکی موسیقی کی باقاعدہ تربیت حاصل کی اور بعد میں معروف سرود نواز استاد علی اکبر خان کے زیرِ اثر رہے۔ نوجوانی کے زمانے میں وہ انڈین پیپلز تھیٹر ایسوسی ایشن سے بھی وابستہ رہے، جہاں انہوں نے ترقی پسند نظریات اور عوامی موضوعات سے گہرا تعلق پیدا کیا، جو آگے چل کر ان کی موسیقی میں نمایاں طور پر نظر آیا۔ فلمی دنیا میں قدم رکھنے سے قبل جے دیو نے نامور موسیقار ایس ڈی برمن کے معاون کے طور پر بھی کام کیا، جس سے انہیں فلمی موسیقی کی باریکیوں کو سمجھنے کا موقع ملا۔ یہی تجربات بعد میں انہیں ہندی سنیما کے ایک حساس اور منفرد موسیقار کے طور پر ابھارنے کا سبب بنے۔ جے دیو کی پیدائش نیروبی میں ہوئی، جبکہ ان کی پرورش ہندوستان کے شہر لدھیانہ میں ہوئی۔ پندرہ برس کی عمر میں وہ فلمی ستارہ بننے کے خواب کے ساتھ ممبئی چلے گئے۔ وہاں انہوں نے واڈیا فلم کمپنی کے لیے بطور چائلڈ آرٹسٹ آٹھ فلموں میں اداکاری کی۔ لدھیانہ میں کم عمری کے دوران ہی انہیں پروفیسر برکت رائے سے موسیقی کی ابتدائی تعلیم حاصل ہوئی۔ بعد ازاں ممبئی پہنچنے کے بعد انہوں نے کرشن راؤ جوکر اور جناردن جوکر سے موسیقی کی مزید تربیت لی۔ بدقسمتی سے، ان کے والد کی بینائی چلی جانے کے باعث جے دیو کو اچانک اپنا فلمی کیریئر چھوڑ کر لدھیانہ واپس آنا پڑا، جہاں خاندان کی پوری ذمہ داری ان کے نوجوان کندھوں پر آن پڑی۔ بچپن سے ہی مضبوط ارادے کے مالک جے دیو اپنے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے ایک نئے جوش کے ساتھ ممبئی واپس آئے۔ سال 1951 میں جے دیو کو نوکیتن کے بینر تلے بنی فلم آندھیاں میں اسسٹنٹ میوزک ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کا موقع ملا۔ اس کے بعد جے دیو نے عظیم موسیقار ایس ڈی برمن کے معاون کے طور پر بھی کام کیا۔ اس دوران جے دیو نے اپنی جدوجہد جاری رکھی۔ شاید تقدیر کو منظور تھا کہ جے دیو موسیقار بنیں، اسی لیے چیتن آنند نے انہیں اپنی ہی فلم جورو کا بھائی میں بطور میوزک کمپوزر کام کرنے کا موقع دیا۔ اگرچہ وہ اس فلم کے ذریعے اپنی شناخت بنانے میں کامیاب نہیں ہو سکے تھے، لیکن اس فلم سے بطور موسیقار ان کے فلمی کیریئر کا آغاز ہو گیا۔ اس کے بعد چیتن آنند کی پروڈیوس کردہ فلم انجلی کی کامیابی کے بعد جے دیو بطور میوزک کمپوزر فلم انڈسٹری میں اپنی شناخت بنانے میں کامیاب رہے۔ اپنے وجود کی تلاش کے دوران جے دیو کو تقریباً دس سال تک مایا نگری میں جدوجہد کرنی پڑی۔ سال 1961 میں ریلیز ہونے والی نوکیتن کے بینر تلے بنی فلم ہم دونوں کی کامیابی کے بعد جے دیو ایک موسیقار کے طور پر کامیابی کے عروج پر پہنچ گئے۔ اگرچہ فلم ہم دونوں میں ان کی موسیقی سے آراستہ سبھی گانے ہٹ ثابت ہوئے لیکن فلم کا گانا اللہ تیرو نام آج بھی ناظرین میں مقبول ہے۔ سن 1963 میں سنیل دت کے بینر اجنتا آرٹس کے تحت بننے والی فلم مجھ جینے دو، جے دیو کے فلمی کیریئر کی ایک اور اہم فلم ثابت ہوئی۔ اس فلم میں جے دیو نے فلم ہم دونوں کے بعد ایک بار پھر نغمہ نگار ساحر لدھیانوی کے ساتھ کام کیا اور رات بھی ہے کچھ بھیگی بھیگی اور تیرے بچپن کو جوانی جینے کی دعائیں دیتی ہوں جیسے سپر ہٹ گیت کی تخلیق کر کے سامعین کو محسور کیا۔ سامعین کو ہمیشہ کچھ نیا دینے کے مقصد سے وہ اپنی فلموں کے کمپوز کردہ گانوں میں تجربہ کیا کرتے تھے اور یہی تجربہ انہوں نے 1963 میں ریلیز ہونے والی فلم کنارے کنارے میں بھی کیا۔ فلم کنارے کنارے کے ذریعے انہوں نے اداکار دیو آنند پر فلمائے گئے گانوں کی پلے بیک سنگنگ کیلئے طلعت محمود، محمد رفیع، مناڈے اور مکیش کی آوازیں استعمال کیں۔ 70 کی دہائی میں جے دیو کی فلمیں کاروباری لحاظ سے کامیاب نہیں رہیں۔ اس کے بعد پروڈیوسروں اور ہدایت کاروں نے جے دیو سے منہ موڑنا شروع کر دیا لیکن 1977 میں ریلیز ہونے والی فلم گھروندا اور 1979 کی کمن میں ان کی موسیقی سے سجے گانوں کی کامیابی کے بعد جے دیو ایک بار پھر اپنی کھوئی ہوئی مقبولیت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ اگر ہم جے دیو کو ملنے والے اعزازات پر نظر ڈالیں تو انہیں ان کے کمپوز کردہ گانوں کے لیے تین بار نیشنل ایوارڈ سے نوازا گیا۔ فلمی گانوں کے علاوہ جے دیو نے غیر فلمی گانے بھی موسیقی دی۔ ان میں مشہور شاعر ہری ونش رائے بچن کے مدھوشالا کے گانے بھی شامل ہیں۔ اپنے کمپوز کردہ گیتوں سے سامعین کے دلوں میں خاص جگہ بنانے والے عظیم موسیقار جے دیو 6 جنوری 1987 کو اس دنیا کو الوداع کہہ گئے۔

14 برس بعد ماہی وِج اور جے بھانوشالی کی طلاق

ممبئی۔ ماہی وِج اور جے بھانوشالی، جو کبھی ٹی وی انڈسٹری کے مقبول ترین جوڑوں میں سے ایک تھے، نے اپنے مداحوں کو حیران کر دیا ہے۔ شادی کے تقریباً ۱۴ سال بعد انہوں نے علیحدگی کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے اتوار کو اپنے متعلقہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر جذباتی نوٹ شیئر کر کے اس خبر کی تصدیق کی۔ اپنے مشترکہ بیان میں، ماہی اور جے نے واضح کیا کہ اگرچہ وہ شوہر اور بیوی کے طور پر الگ ہو چکے ہیں، وہ ہمیشہ ایک دوسرے کا احترام کریں گے اور ساتھ کھڑے رہیں گے، خاص طور پر اپنے تین بچوں: تارا، خوشی اور راجویر کے لیے۔ ان کی علیحدگی کی خبر کا اعلان کرتے ہوئے ایک جذباتی نوٹ شیئر کیا۔ اپنے نوٹ میں، انہوں نے لکھا کہ ''آج ہم زندگی کے اس سفر میں الگ ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں، لیکن ہم ایک دوسرے کا ساتھ دیتے رہیں گے۔ امن، ترقی، ہمدردی اور انسانیت ہمیشہ سے ہماری رہنما اقدار رہی ہیں۔'' اپنے بچوں کے بارے میں، انہوں نے جذباتی طور پر ان کے لیے بہترین والدین اور دوست رہنے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے لکھا کہ ''ہم اپنے بچوں، تارا، خوشی اور راجویر کے لیے جو بھی صحیح ہے، کرنے کے لیے ہمیشہ تیار رہیں گے۔'' ماہی اور جے نے یہ بھی واضح کیا کہ ان کی علیحدگی کے پیچھے کوئی تنازع یا منفی بات نہیں تھی۔ نوٹ میں مزید لکھا گیا کہ اس کہانی میں کوئی ولن نہیں ہے۔ ہم ڈرامے کے بجائے امن اور افہام و تفہیم کا انتخاب کرتے ہیں۔ نوٹ کے آخر میں، انہوں نے ایک دوسرے کے لیے احترام اور حمایت کا اظہار کیا اور اپنے مداحوں سے محبت، احترام اور مہربانی کی امید کا اظہار کیا۔ ماہی وج اور جے بھانوشالی نے ۱۱ نومبر ۲۰۱۱ء کو شادی کی تھی۔ وہ تین بچوں کے والدین ہیں۔ ان کی بیٹی تارا کی پیدائش ۲۰۱۹ء میں ہوئی تھی جبکہ راجویر اور خوشی کو ۲۰۱۷ء میں گود لیا گیا تھا۔



ہانیہ اور عاصم کی شادی کی خبریں زیر گردش

لاہور۔ عالمی شہرت یافتہ پاکستانی معروف، شوخ و چنچل اداکارہ ہانیہ عامر اور پاکستانی میوزک انڈسٹری سے وابستہ مشہور گلوکار و اداکار عاصم اظہر کی شادی سے متعلق قیاس آرائیوں نے زور پکڑ لیا۔ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر خبریں گردش کر رہی ہیں کہ آئندہ برس 2 معروف اداکارائیں پیا دیس سدھار جائیں گی۔ سوشل میڈیا پر زیر گردش خبروں کے پیشِ نظر صارفین قیاس آرائیاں کر رہے ہیں ان اداکاراؤں میں سے ایک ہانیہ عامر ہیں اور اداکارہ آئندہ برس عاصم اظہر سے شادی کرنے والی ہیں۔ ہانیہ ان قیاس آرائیوں کی ایک وجہ گزشتہ برس کے آغاز میں عاصم اور میرب کی منگنی کا ختم ہونا اور حالیہ دنوں میں ہانیہ اور عاصم دونوں کی بڑھتی ہوئی قربتیں بھی ہے۔ اب حال ہی میں کرسمس کے موقع پر ہانیہ نے پوسٹ شیئر کی ہے جس کے کمنٹس میں تبصرہ کرتے ہوئے ایک صارف نے لکھا کہ 'ہانیہ سنا ہے آپ شادی کرنے والی ہیں؟'۔ صارف کے سوال کا جواب دیتے ہوئے اداکارہ نے دلچسپ جواب دیتے ہوئے کہا کہ 'میں نے بھی یہی سنا ہے'۔

شٹل سروس سہولت صرف کینیڈی میں سری لنکا کے میچز تک محدود رکھی گئی ہے، آئی سی سی

کولمبو سے کینیڈی تک شٹل سروس سری لنکن کرکٹ بورڈ کے اخراجات سے فراہم کی جا رہی ہے، ترجمان

کولمبو (این این آئی) آئی سی سی کے ترجمان نے وضاحت کی ہے کہ کولمبو سے کینیڈی تک شٹل سروس سری لنکن صحافیوں کی درخواست پر سری لنکن کرکٹ بورڈ کے اخراجات سے فراہم کی جا رہی ہے، اسی وجہ سے یہ سہولت صرف کینیڈی میں سری لنکا کے میچز تک محدود رکھی گئی ہے۔ دیگر ٹیموں یا دوسرے وینیوز پر ہونے والے مقابلوں کے لیے یہ سروس دستیاب نہیں ہوگی۔ حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد میڈیا نمائندگان کو میچ کوریج کے دوران سفری سہولت فراہم کرنا ہے، تاہم محدود دائرہ کار کے باعث بعض میچز کے لیے صحافیوں کو اپنے طور پر سفری انتظامات کرنا ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق کینیڈی میں شیڈول پاکستان ٹیم کے دو اہم میچز میں سے 28 فروری کو پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ہونے والے مقابلے کے لیے پاکستانی صحافی کولمبو سے کینیڈی تک مفت شٹل سروس سے استفادہ کر سکیں گے تاکہ کوریج کے دوران انہیں سفری دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس کے برعکس 24 فروری کو پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان شیڈول میچ کے موقع پر شٹل سروس فراہم نہیں کی

ہانیہ اشفاق نے عماد وسیم کی واٹس ایپ چیٹس شیئر کر دیں، اسقاط حمل پر مجبور کرنے کا الزام

اسلام آباد (این این آئی) ہانیہ اشفاق نے واٹس ایپ چیٹس شیئر کرتے ہوئے پاکستان کرکٹر ٹیم کے آل راؤنڈر عماد وسیم پر اسقاطِ حمل پر مجبور کرنے کا الزام عائد کر دیا۔ گزشتہ چند دنوں کے دوران ہانیہ اشفاق نے انسٹاگرام پر متعدد بیانات شیئر کیے ہیں جن میں انہوں نے 37 سالہ کرکٹر پر بے وفائی، بچوں کو نظرانداز کرنے اور اسقاطِ حمل پر مجبور کرنے جیسے سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ یہ الزامات اس وقت سامنے آئے ہیں جب عماد وسیم نے اپنی دوسری شادی کی تصدیق کی، جو انہوں نے پہلی اہلیہ سے علیحدگی کے اعلان کے محض 2 ماہ بعد ثانیہ رابعہ سے کی ہے۔

ٹرمپ رونالڈو کے معترف، کھلاڑی کے ہمراہ فٹ بال کھیلتے اے آئی ویڈیو شیئر کر دی

شاہین آفریدی کی بولنگ میں ٹیکنیکل مسائل ہیں، سوئنگ بھی نہیں ہو رہی، محمد یوسف

دوسری ٹیم لفٹ ہی نہیں کروا رہی تو اس کا مطلب ہے کہ کوئی نہ کوئی مسئلہ بولنگ میں ہے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) سابق کپتان محمد یوسف نے کہا ہے کہ شاہین آفریدی کی بولنگ میں ٹیکنیکل مسائل ہیں، سوئنگ بھی نہیں ہو رہی۔ سابق کپتان محمد یوسف سے حالیہ انٹرویو میں میزبان نے سوال کیا کہ شاہین آفریدی انجری کے بعد جب سے واپس آئے ہیں تو ان کی بولنگ کی رفتار بھی کم ہوئی ہے، کیا ان کا آف دے یا پھر وہ فارم میں نہیں ہیں؟ جواب میں سابق کپتان نے کہا کہ شاہین آفریدی کی بولنگ میں ٹیکنیکل مسائل ہیں، یہ کوئی فارم کا مسئلہ نہیں ہے، ان کی گیند سوئنگ بھی نہیں ہو رہی ہے۔ محمد یوسف نے کہا کہ بارڈر پاکستان کی گیند سوئنگ ہو رہی تھی لیکن شاہین آفریدی سے گیند سوئنگ نہیں ہو رہی، انہیں پہلے اوور میں ہی چھکے مارنے کے لیے کرکٹرز تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آپ کا مین بولر ہے جسے دوسری ٹیم لفٹ ہی نہیں کروا رہی تو اس کا مطلب ہے کہ کوئی نہ کوئی مسئلہ ان کی بولنگ میں ہے۔

بھارتی سیاست دی ہنڈریڈ تک پہنچ گئی، پاکستانی پلیئرز کو پک نہ کیے جانے کا خدشہ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی سیاست انگلینڈ کے ڈومیسٹک ٹورنامنٹ دی ہنڈریڈ کو بھی آلودہ کرنے لگی ہے اور اس میں پاکستانی کھلاڑیوں کے پک نہ کیے جانے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق دی ہنڈریڈ میں آئی پی ایل سے منسلک ٹیموں کا پاکستانی پلیئرز کو نہ پک کرنے کا خدشہ ہے۔ پاکستانی کرکٹرز کو صرف وہی پک کر سکتے ہیں جن کی ملکیت میں آئی پی ایل فرنچائز حصہ دار نہ ہوں۔ رپورٹ میں بتایا گیا

یہ ٹیم پاکستان کی کم اور کچھ کھلاڑیوں کی زیادہ لگتی ہے، شعیب ملک پھٹ پڑے

کچھ سلیکٹرز، کوچز نے کافی چیزیں خرابی کی ہیں صرف کھلاڑیوں کا قصور نہیں، سابق کپتان کا انٹرویو

لاہور (این این آئی) سابق کپتان شعیب ملک نے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی کارکردگی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ٹیم پاکستان کی کم اور کچھ کھلاڑیوں کی زیادہ لگتی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سابق کپتان شعیب ملک نے کہا کہ کچھ کھلاڑی ایسے ہیں یہ پاکستان کی ٹیم ان کی لگتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ کھلاڑی تبدیل ہوئے ہیں اور پاور دوسرے کھلاڑیوں کے پاس گئی ہے، ٹیم میں چیزیں مس میچڈ ہیں، فیصلہ سازی صحیح نہیں ہو رہی۔ شعیب ملک نے کہا کہ کچھ سلیکٹرز، کوچز نے کافی چیزیں خرابی کی ہیں صرف کھلاڑیوں کا قصور نہیں ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کم اوورز کے میچ میں پاکستان نیوزی لینڈ پر پریشر ڈال سکتا ہے، قومی ٹیم کو بارش کی وجہ سے گیم پلان تبدیل کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اب جو صورت حال ہے ایک، ایک پوائنٹ مل جائے تو زیادہ بہتر ہے، کم اوورز میں پاکستان کو پہلے بیٹنگ کرنے سے زیادہ فائدہ نہیں ہوگا۔ سابق کپتان نے کہا کہ سپر 8 مرحلے میں غلط فیصلے کی گنجائش نہیں ہوتی، غلطی کریں گے تو دوسری ٹیم دباؤ ڈال دے گی۔ شعیب ملک نے کہا کہ خوابِ نافع کو ایک میچ کھلا کر کیا پیغام دیا گیا ہے، عجیب حرکتیں کی جا رہی ہیں، نوجوانوں کو کیا پیغام دے رہے ہیں۔

گولڈ میڈلسٹ عرفان خان نیازی کی سید الفت حسین شاہ کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) فالکن فٹ بال کلب کے صدر و سابق منیجر قومی فٹ بال ٹیم گولڈ میڈلسٹ محمد عرفان خان نیازی ٹیکچر والا فٹ بال کلب کیبر والا کے صدر سید الفت حسین شاہ کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ فالکن فٹ بال کلب کے صدر و سابق منیجر قومی فٹ بال ٹیم گولڈ میڈلسٹ محمد عرفان خان نیازی ٹیکچر والا فٹ بال کلب کیبر والا کے صدر سید الفت حسین شاہ کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

منھی بچی آئینہ وزیر کی بولنگ کا چرچا، زلمی ویمن لیگ میں شامل

آئینہ وزیر کی رابطہ معلومات شیئر کی جائیں تاکہ ٹیم براہِ راست ان سے رابطہ کر سکے، جاوید آفریدی

شیوا (نیٹ نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان کی تحصیل شیوا سے تعلق رکھنے والی کم عمر بچی آئینہ وزیر اپنی شاندار فاسٹ بولنگ کے باعث سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی ہیں۔ آئینہ وزیر نے مقامی بچوں کے کرکٹ میچ کے دوران تیز رفتار اور متاثر کن بولنگ کا مظاہرہ کیا، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر تیزی سے پھیل گئی۔ صارفین نے ان کی صلاحیتوں کو سراہا ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمنائں کا اظہار کیا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ آئینہ وزیر کو آئندہ زلمی ویمن لیگ کا حصہ بنایا جائے گا۔ جاوید آفریدی کا ایکس پر پیغام میں کہنا ہے کہ زلمی ویمن لیگ کا مقصد لڑکیوں کو کھیلنے، اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور دیگر بچیوں کے لیے مثال بننے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ مزید برآں انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ آئینہ کو تمام ضروری کرکٹ ساز و سامان اور تربیتی سہولتیں فراہم کی جائیں گی تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں۔ جاوید آفریدی نے سوشل میڈیا صارفین سے اپیل بھی کی کہ آئینہ وزیر کی رابطہ معلومات شیئر کی جائیں تاکہ ٹیم براہِ راست ان سے رابطہ کر سکے۔

اسلام آباد میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کو ابھارنے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے، دانیال اعجاز

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹین پن باؤلنگ ایسوسی ایشن کے سیکرٹری دانیال اعجاز نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کو ابھارنے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ٹین پن باؤلنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ہر سال چھ، سات ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں وفاقی دارالحکومت کے کثیر تعداد میں مرد اور خواتین باؤلرز شرکت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات کے درمیان سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی سطح پر بھی مقابلوں کا انعقاد کیا جاتا ہے

بارش نے مزا کرکرا کر دیا، گرین شرٹس کیلئے سیمی فائنل میں پہنچنے کا راستہ مشکل ہو گیا

سیمی فائنل میں پہنچنا ہے تو سیدھا راستہ ہے کہ دونوں میچز بڑے مارجن سے جیت کر اپنی سیٹ پکی کرے

کولمبو (این این آئی) پاک نیوزی لینڈ بارش کے باعث منسوخ ہونے کے باعث گرین شرٹس کیلئے سیمی فائنل میں پہنچنے کا راستہ مشکل ہو گیا ہے۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان آئی سی سی T20 ورلڈ کپ سپر ایٹ مرحلے کا پہلا میچ بارش کی نذر ہو گیا۔ میچ میں صرف ٹاس ہی ہوا، اسکے بعد بارش کی ایسی انٹری ہوئی کہ ایک گیند بھی نہ پھینکی جا سکی اور میچ کو منسوخ کرنا پڑا۔ میچ منسوخ ہونے کے باعث دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ دیا گیا تاہم پہلے مرحلے میں نیوزی لینڈ کا رن ریٹ زیادہ ہونے کی وجہ سے اس کی سپر ایٹ کے گروپ ٹو میں پہلی جبکہ پاکستان کی دوسری پوزیشن ہے۔ اس گروپ میں دیگر دو ٹیمیں سری لنکا اور انگلینڈ ہیں اور چار میں سے دو ٹاپ ٹیمیں سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کریں گی۔ پاکستان کو اگر سیمی فائنل میں پہنچنا ہے تو سیدھا راستہ ہے کہ دونوں میچز بڑے مارجن سے جیت کر اپنی سیٹ پکی کرے کہ اگر رن ریٹ کا مسئلہ آئے تو وہ بہتر پوزیشن میں ہو، اگر گرین شرٹس ایک میچ ہارے اور ایک جیتے تو اس کے صرف تین پوائنٹس ہوں گے، پھر اس کو اگلے مرحلے کے لیے دیگر ٹیموں کے نتائج کا انتظار کرنا ہوگا۔ اگر شاہین ایک میچ جیتے اور ایک میچ بارش کی نذر ہو جائے تو اس طرح بھی صرف چار پوائنٹس ہوں گے اور اس کو دیگر ٹیموں پر انحصار کرنا پڑے گا۔ اگر پاکستان اگلے دونوں میچز ہار جاتا ہے تو پھر اس کو خالی ہاتھ ہی گھر واپس آنا پڑے گا۔

آغاز میں والد اور والدہ کے ساتھ تھیٹر کرتی تھی، ثانیہ سعید

20 منٹ کے پلے میں پانچ مختلف کردار کرنے تھے، بار بار ری ٹیک کی وجہ سے دو دن لگ گئے

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ ثانیہ سعید نے کہا ہے کہ میں والد اور والدہ کے ساتھ تھیٹر کرتی تھی، ہم تھیٹر کا پلے عورت کر رہے تھے، وہاں ندا یاسر کی والدہ نے مجھے دیکھا اور کہا کہ میں تمہیں ''آدھی دنیا'' کے لیے ریکارڈ کرنا چاہتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں ثانیہ سعید نے کہا کہ ہمارا ایک تھیٹر دستک کے نام سے تھا جس میں اور لوگ بھی شامل تھے، پی ٹی وی کے اسلم اظہر بھی اس میں شامل تھے، وہ میرے استاد ہیں اور ہمارا تھیٹر وہی ڈائریکٹ کرتے تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ 20 منٹ کا پلے تھا جس میں مجھے پانچ مختلف کردار کرنے تھے لیکن اس کی شوٹنگ میں دو دن لگ گئے، میں نے گھر جا کر شور مچایا کہ سکول کی چھٹی کروا لی میں بور ہو گئی ہوں کہ کتنی بار ایک ہی سین کو ری ٹیک کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا پی ٹی وی کا پہلا ڈرامہ عورت تھا اس کے بعد تپش کیا جس میں روبینہ اشرف، جمال شاہ، شفیع محمد شاہ شامل تھے، اس زمانے میں خطرناک ڈرامے کر سکتے تھے لیکن آج نہیں کر سکتے۔ میں نے گھر جا کر شور مچایا کہ سکول کی چھٹی کروا لی میں بور ہو گئی ہوں کہ کتنی بار ایک ہی سین کو ری ٹیک کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا پی ٹی وی کا پہلا ڈرامہ عورت تھا اس کے بعد تپش کیا جس میں روبینہ اشرف، جمال شاہ، شفیع محمد شاہ شامل تھے، اس زمانے میں خطرناک ڈرامے کر سکتے تھے لیکن آج نہیں کر سکتے۔



منھی بچی آئینہ وزیر کی بولنگ کا چرچا، زلمی ویمن لیگ میں شامل

میں جنات پر یقین رکھتی ہوں، انسان سے بڑا کوئی شیطان نہیں، صباء قمر

میں نے زندگی میں اتنا کچھ دیکھ لیا یہ چیزیں میرے لیے اب کوئی معنی نہیں رکھتیں، اداکارہ

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ صباء قمر نے کہا ہے کہ میں جنات پر یقین رکھتی ہوں، میرا ماننا ہے کہ انسان سے بڑا کوئی شیطان نہیں ہے۔ ایک ڈرامے کے سیٹ پر پیش آنے والے پراسرار واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ ہم ڈرامے کے سیٹ پر تھے جب میرا میک اپ آرٹسٹ وضو کرنے گیا تو کسی نے اسے پیچھے سے زور سے تھپڑ مارا، وہ غیبی مخلوق تھی جسے وہ دیکھ نہیں پایا۔ اداکارہ نے کہا کہ وہ کوئی ایسی چیز تھی جو دکھائی نہیں دیتی تھی، میں جنات پر یقین رکھتی ہوں، شاید ہم نے ان کی جگہ پر جا کر انہیں پریشان کر دیا تھا۔ اس کے بعد ہم سب ڈر گئے تھے اور نئی لوکیشن پر منتقل ہونے کا سوچ رہے تھے لیکن میں نے اپنی محنت کو دیکھتے ہوئے کہا کہ اپنا کام مکمل کروں گی چاہے کتنے ہی جنات آ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ میرا ماننا ہے کہ انسان سے بڑا کوئی شیطان نہیں ہے، ویسے بھی میں نے زندگی میں اتنا کچھ دیکھ لیا ہے کہ یہ چیزیں میرے لیے اب کوئی معنی نہیں رکھتیں۔ اداکارہ نے کہا کہ وہ کوئی ایسی چیز تھی جو دکھائی نہیں دیتی تھی، میں جنات پر یقین رکھتی ہوں، شاید ہم نے ان کی جگہ پر جا کر انہیں پریشان کر دیا تھا۔ اس کے بعد ہم سب ڈر گئے تھے اور نئی لوکیشن پر منتقل ہونے کا سوچ رہے تھے لیکن میں نے اپنی محنت کو دیکھتے ہوئے کہا کہ اپنا کام مکمل کروں گی چاہے کتنے ہی جنات آ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ میرا ماننا ہے کہ انسان سے بڑا کوئی شیطان نہیں ہے، ویسے بھی میں نے زندگی میں اتنا کچھ دیکھ لیا ہے کہ یہ چیزیں میرے لیے اب کوئی معنی نہیں رکھتیں۔

خود منافقت کرتی ہوں اور نہ ایسے لوگ پسند ہیں، ریشم

عاجزی میں انسان کا کچھ نہیں جاتا، خدا کی ذات عاجز بندے کو عزت و مرتبے سے نوازتی ہے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ خود منافقت کرتی ہوں اور نہ ایسے لوگ پسند ہیں بلکہ ان سے کوسوں دور رہتی ہوں، عاجزی میں انسان کا کچھ نہیں جاتا بلکہ خدا کی ذات عاجز بندے کو عزت و مرتبے سے نوازتی ہے۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ منافق شخص کبھی کسی کا دوست نہیں ہو سکتا، ایسے شخص کو صرف اپنا مفاد عزیز ہوتا ہے جس کے لئے وہ انتہائی قریب دار کو بھی دغا دینے سے گریز نہیں کرتا، منافقت کرنے والے کیسے مطمئن رہ لیتے ہیں سمجھ سے بالاتر ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ میرا خدا کی ذات پر مکمل بھروسہ ہے، وہی ذات آپ کو عزت سے نوازتی ہے اس لئے اس کا شکر گزار رہنا چاہیے، میں عاجزی انسان ہوں اور کوشش ہوتی ہے کہ میری وجہ سے کسی کا دل نہ دکھے اس لئے بہت محتاط رہتی ہوں۔ اداکارہ نے کہا کہ میرا خدا کی ذات پر مکمل بھروسہ ہے، وہی ذات آپ کو عزت سے نوازتی ہے اس لئے اس کا شکر گزار رہنا چاہیے، میں عاجزی انسان ہوں اور کوشش ہوتی ہے کہ میری وجہ سے کسی کا دل نہ دکھے اس لئے بہت محتاط رہتی ہوں۔ اداکارہ نے کہا کہ میرا خدا کی ذات پر مکمل بھروسہ ہے، وہی ذات آپ کو عزت سے نوازتی ہے اس

اداکارہ معمر رانا 26 فروری کو 52 ویں سالگرہ منائینگے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ معمر رانا 26 فروری کو اپنی 52 ویں سالگرہ منائیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق معمر رانا 26 فروری 1974 کو لاہور میں پیدا ہوئے اور انہوں نے ابتدائی تعلیم بھی لاہور میں حاصل کی۔ معمر رانا کرکٹر بننے کی خواہش رکھتے تھے مگر قسمت ان کو شوبز کی دنیا میں لے آئی اور انہوں نے بطور اداکار فلم سے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز کیا۔ پہلی فلم کے بعد وہ مسلسل فلم انڈسٹری کا حصہ رہے اور ان کی پنجابی زبان کی فلم ''چوڑیاں'' نے ریکارڈ ساز بزنس کیا۔ معمر رانا کو فلم انڈسٹری میں لانے کا سہرا سابق ٹیسٹ کرکٹر محسن حسن خان کے سر جاتا ہے جو اس وقت خود بھی فلموں میں بطور ہیرو کام کر رہے تھے۔

امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے نام خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے انہیں بہترین قرار دے دیا۔

چترال کی حسین کیلاش وادی میں ثقافتی سرمائی کھیلوں کے مقابلے اختتام پذیر

مقامی کھیلوں میں انتو دیک، رسہ کشی، روایتی کبڈی اور سنو گالف کے کھیل شامل تھے

چترال (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع چترال کی حسین کیلاش وادی میں ثقافتی سرمائی کھیلوں کے مقابلے اختتام پذیر ہو گئے ہیں، ان مقامی کھیلوں میں انتو دیک، رسہ کشی، روایتی کبڈی اور سنو گالف کے کھیل شامل تھے۔ تفصیلات کے مطابق کیلاش وادی کے سرمائی فیسٹیول میں سب سے منفرد کھیل سنو گالف ہے جسے مقامی زبان میں کرک گاڑ کہا جاتا ہے، یہ کھیل گلی ڈنڈے کی مانند کھیل ہے مگر اس میں سٹک کی مدد سے بال کو مارنا پڑتا ہے، یہ کھیل صرف برف کے اوپر کھیلا جاتا ہے۔ سنو گالف میں ہر گاؤں کی ٹیم شامل ہوتی ہے، اس کھیل میں شریک کھلاڑی پانچ کلومیٹر تک بال کے پیچھے بھاگتے ہیں، دونوں ٹیموں میں سے سب سے پہلے 12 گول مکمل کرنے والی ٹیم کو فاتح قرار دیا جاتا ہے۔ اس کھیل کا دلچسپ پہلو میچ کے اختتام سے شروع ہوتا ہے جب ٹیم کی کامیابی کا اعلان کیا جاتا ہے، اسی لمحے مقامی روایت کے مطابق فاتح ٹیم سے کپتان کو چترار کا در

بقیہ نمبر 1 روزنامہ اکثریت

کی بنیاد پر کارروائی کی گئی، کارروائی کے دوران خودکش حملہ آور سمیت فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ ہلاک خوارج متعدد دہشتگرد کارروائیوں میں ملوث تھے، دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر مطابق ملک بھر سے دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے کیلئے اقدامات جاری ہیں، دہشتگردوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 2 روزنامہ اکثریت

اسپتال شفٹ کردیں گے۔ لاہور میں لیگی کارکنوں سے خطاب میں سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں کہ وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب محنت کررہے ہیں، امریکا اور یورپ سمیت دنیا میں ہر جگہ لوگ مہنگائی کے ہاتھوں تنگ ہیں، امریکا اور یورپ میں لوگ بھوکے سونے پر مجبور ہیں، اللہ کا شکر ہے کہ پاکستان میں مذہبی رجحان کے باعث اتنی زیادہ بھوک تنگ نہیں۔ ایاز صادق کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت ترقیاتی منصوبوں پر بھرپور توجہ دے رہی ہے، عوام کی سہولتیں کیلئے کروڑوں روپے خرچ کیے جارہے ہیں، پاکستان اب آہستہ آہستہ مشکلات سے نکل رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ افغانستان اپنی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دے، پاکستان سب سے امن، بھائی چارہ اور دوستی چاہتا ہے، جب جنگ مسلط کردی جائے تو بھرپور جواب دیتے ہیں، پاکستان دنیا بھر میں آج سفارتی محاذ پر سرفہرست ہے، بیگناہ شہریوں اور بچوں پر حملہ کرنے والوں کے لیئے کوئی رعایت نہیں۔

بقیہ نمبر 3 روزنامہ اکثریت

وژن کے مطابق خود پائیداری کی جانب پیش قدمی کرنا خوش آئند امر ہے۔ وزیراعلیٰ نے فیکلٹی کی جانب سے اپنی مدد آپ کے تحت منصوبے کے آغاز کو قابلِ تحسین اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ دیگر اداروں اور شعبہ جات کو بھی اسی طرز پر خود پائیداری کی راہ اپنانا ہوگی۔ وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے اس موقع پر واضح کیا کہ موجودہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح انسانوں پر سرمایہ کاری ہے اور صحت، تعلیم اور سماجی شعبوں پر بھرپور توجہ دی جارہی ہے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے منصوبے کے اہم فیچرز سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ مجوزہ کمپلیکس میں ایڈمنسٹریشن بلاک، ڈین آفس، شعبہ جات کے سربراہان کے دفاتر، ہیومن ریسورس، فنانس، تعلیمی امور اور دیگر متعلقہ سہولیات ایک ہی چھت تلے دستیاب ہوں گی۔ مزید برآں صحت کے اداروں، تشخیصی لیبارٹریز، این جی اوز، بینکس، طبی سپلائرز اور تربیتی اداروں کے لیے چھ رینٹل فلورز تعمیر کیے جائیں گے تاکہ ادارے کے لیے مستقل مالی وسائل میسر آسکیں۔ منصوبے میں جدید آڈیو ویڈول سہولیات سے آراستہ سیمینار ہال بھی شامل ہے جو تعلیمی کانفرنسوں، طبی ورکشاپس اور پیشہ ورانہ تقریبات کے انعقاد کے ساتھ ساتھ بیرونی بکنگ کے لیے بھی دستیاب ہوگا۔ کمپلیکس میں لفٹس، وسیع پارکنگ، کیفے ٹیریا، بجلی کا بیک اپ، محفوظ رسائی کا نظام اور دیگر جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی، جو اسے ایک ہمہ جہت اور جدید طرز کا ادارہ جاتی مرکز بنائیں گی۔ حکام کا کہنا تھا کہ یہ منصوبہ ایک مالی طور پر خودکفیل، جدید انتظامی و تجارتی سہولت کی تعمیر کی جانب ایک انقلابی قدم ہے جو علمی معیار کو مالی ذمہ داری کے ساتھ ہم آہنگ کرتا ہے۔ اپنے اہم محلِ وقوع اور مضبوط کرایہ جاتی طلب سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، فیکلٹی ایک ایسا پائیدار ادارہ جاتی اثاثہ قائم کرنے کی پوزیشن میں ہے جو طلبہ، صحت کے پیشہ ور افراد اور وسیع تر کمیونٹی کی آنے والی دہائیوں تک خدمت کرے گا

بقیہ نمبر 4 روزنامہ اکثریت

جسٹس محسن اختر کیانی نے فیملی کورٹ کے فیصلے کے خلاف شہری محمد شعبان کی درخواست سماعت کی۔ جسٹس محسن اختر کیانی کے فیملی کیس میں اہم ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ بیوی کو دیا گیا تحفہ واپس نہیں لیا جاسکتا، یہ تو تھوک کر چاٹنے والی بات ہے، دیا ہوا تحفہ واپس نہیں لیا جاتا، ایسی کوئی روایت نہیں اور اسلام بھی اس کی اجازت نہیں دیتا۔ بیوی سے علیحدگی کے بعد شہری نے سابقہ بیوی سے زیورات کی واپسی کا مطالبہ کیا تھا۔ شہری نے جج فیملی کورٹ فیصلہ کے خلاف درخواست دائر کر رکھی ہے۔ عدالت نے فیملی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ نمبر 5 روزنامہ اکثریت

نوٹس جاری کرتے ہوئے کل منگل 24 فروری کو دلائل طلب کر لیے۔ سرکاری وکیل نے دلائل کی تیاری کے لیے مہلت طلب کی مگر عدالت نے کل ہی دلائل دینے کا حکم دیا۔ شیخ رشید احمد نے عدالت میں بتایا کہ وہ ہر سال رمضان میں عمرہ کرتے ہیں اور اس سال بھی انہیں اجازت دی جائے۔ سابق وزیر داخلہ سماعت کے دوران کمرہ عدالت میں موجود تھے۔

بقیہ نمبر 6 روزنامہ اکثریت

رپورٹ کے مطابق امریکی مذاکرات کار جنیوا میں ایران جوہری مذاکرات کے اگلے دور کے لیے تیار ہیں۔ ادھر برطانوی خبر رساں ادارے نے دعویٰ کیا کہ جوہری مذاکرات میں ایران نے امریکا کو اپنی تیل کی صنعت میں سرمایہ کاری کی پیشکش کر دی۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی عہدیدار کا کہنا تھا کہ مذاکرات میں زیرغور معاشی پیکیج میں امریکا کو سرمایہ کاری کی پیشکش کی ہے، تاہم ایران اپنے تیل اور معدنی وسائل کا کنٹرول کسی کے حوالے نہیں کرے گا۔ ایرانی عہدیدار نے مزید کہا کہ امریکا ایران کا صرف معاشی شراکت دار ہوسکتا ہے، اس سے زیادہ کچھ نہیں، امریکی کمپنیاں ایرانی تیل اور گیس فیلڈ میں ہمیشہ ٹھیکے دار کے طور پر ہی کام کرسکیں گی۔ ایرانی عہدیدار نے کہا کہ پرامن جوہری افزودگی کے بدلے ایران علاقائی افزودگی کنسورشیم کے قیام پر غور کرسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 7 روزنامہ اکثریت

دی کہ وہ آگے بڑھے اور معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے، حکومت چاہتی ہے کہ اپوزیشن جمہوری عمل میں مؤثر کردار ادا کرے تاہم افسوس ہے کہ اپوزیشن سیاسی عمل کا حصہ بننے پر آمادہ نہیں جس کے باعث بار بار تعطل کی کیفیت پیدا ہورہی ہے۔ بانی پی ٹی آئی کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ قانون کے مطابق تمام دستیاب سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، سپریم کورٹ کی ہدایات پر جیل میں بانی پی ٹی آئی کا ڈاکٹروں کے پینل کے ذریعے طبی معائنہ بھی کرایا گیا۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف مقدمات کے بارے میں انہوں نے کہا کہ عدالتیں ہی مناسب فورم ہیں اور وہ قانون کے مطابق ریلیف دے سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 8 روزنامہ اکثریت

عزم کی عکاسی ہے۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشتگردی کے عفریت کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔ اپنے بیان امیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع پشین میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ عزم و استحکام کے وژن کے تحت سکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف بڑی کامیابیاں حاصل کررہی ہیں، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ ہم ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے پشین میں فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیرداخلہ محسن نقوی نے 5 دہشتگردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو سکیورٹی فورسز کی جرات اور پیشہ وارانہ مہارت پر فخر ہے، بہادر سپوتوں نے بروقت کارروائی کرکے فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، بلوچستان میں قیام امن کیلئے سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں لائق تحسین ہیں۔

بقیہ نمبر 9 روزنامہ اکثریت

ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ اے ٹی سی نے علیمہ خان کے 2 ضامنوں کے بھی ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے۔ پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے بتایا کہ علیمہ خان جان بوجھ کر ٹرائل میں رکاوٹ پیدا کر رہی ہیں، وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے باوجود ملزمہ پیش نہیں ہورہیں، غیر ذمہ دار رویے پر عدالت ملزمہ کی ضمانت منسوخ کرے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرائل میں استغاثہ کے 2 گواہان پر جرح ہونا باقی ہے، بار بار التوا مانگ کر ٹرائل میں رخنہ ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے، ٹرائل آخری مراحل میں ہے، ملزمہ عدالتی کارروائی میں تعاون نہیں کررہیں۔ عدالت نے وارنٹ گرفتاری پر عملدرآمد کے لیے پولیس کو حکم جاری کرتے ہوئے سماعت (آج) منگل تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 10 روزنامہ اکثریت

کہا کہ رجسٹرار سپریم کورٹ سے ملنے گیا تھا لیکن ملاقات نہیں ہوئی، رجسٹرار کا نمبر بھی بند ہے، پارلیمنٹیرینز باہر دھرنا دیے انصاف کے منتظر ہیں۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ سپریم کورٹ کے باہر اس لیے جمع ہیں کہ ہمارے کیسز لگائے جائیں اور انصاف ملے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا حکومت شفیع جان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے کیسز جلد سماعت کے لیے مقرر کیے جائیں۔ شفیع جان نے کہا کہ بانی کی رہائی کیلئے سپریم کورٹ کے باہر شام تک بیٹھے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 11 روزنامہ اکثریت

یوسف رضا گیلانی نے کی۔ اجلاس میں سینیٹ کے 359ویں اجلاس کے دوران زیرِ غور آنے والے قانون سازی کے امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ کمیٹی نے آئندہ اجلاس کے ایجنڈے اور ہونے والی قانون سازی کا جائزہ لیا اور اہم قومی و بین الاقوامی امور پر بحث کو بھی اجلاس کے ایجنڈے کا حصہ بنانے پر اتفاق کیا۔ ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ سینیٹ کا موجودہ اجلاس 3 مارچ 2026ء تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ کمیٹی اجلاس میں قائدِ حزبِ اختلاف سینیٹ سینیٹر راجہ ناصر عباس، سینیٹر رانا ثناء اللہ خان، سینیٹر شیری رحمان، سینیٹر منظور احمد، سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان، سینیٹر کامران مرتضیٰ، سینیٹر امیر ولی الدین چشتی، سینیٹر کامل علی آغا، وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور سیکریٹری سینیٹ سید حسنین حیدر نے شرکت کی۔ سیکرٹری سینیٹ نے کمیٹی کو موجودہ اجلاس کے دوران نمٹائے جانے والے قانون سازی کے امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 12 روزنامہ اکثریت

بلوچ کی ہلاکت کی تصدیق کی۔ فتنہ الہندوستان کا سرغنہ سلیم بلوچ بلوچستان میں حالیہ دہشت گردی کے حملوں میں سیکیورٹی فورسز سے لڑتے ہوئے تربت میں جہنم واصل ہوا۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کی ماہ رنگ لاشکو اور نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیموں کی جانب سے دہشتگرد سلیم بلوچ کو لاپتہ قرار دے کر پروپیگنڈا کیا جاتا رہا۔ اس سے قبل بھی فتنہ الہندوستان کے مارے جانے والے متعدد دہشتگرد لاپتہ افراد کی فہرست میں شامل رہے۔ مستونگ میں برہان بلوچ اور حفیظ بلوچ، قلات میں صہیب لانگو، گوادر حملے میں کریم جان اور نیول بیس حملے میں عبدالودود بھی نام نہاد لاپتہ افراد کی فہرست میں شامل تھے۔ ماہرین کے مطابق نام نہاد لاپتہ افراد کا بیانیہ دہشتگردوں کی کارروائیوں کو جواز فراہم کرنے کی سازش ہے اور بلوچ یکجہتی کمیٹی نوجوانوں کو گمراہ کن بیانیے میں الجھا کر فتنہ الہندوستان کے حوالے کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 13 روزنامہ اکثریت

اسرائیلی اقدامات کے خلاف حکمت عملی تیار کی جائے گی۔ او آئی سی کی جانب سے جاری بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اسرائیل فلسطین کے 2 ریاستی حل کیلئے کی جانے والی کوششوں کو کمزور کرنا چاہتا ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز بھی تنظیم تعاون اسلامی (او آئی سی) نے امریکی سفیر کے اسرائیل کی حمایت میں دیے گئے اشتعال انگیز بیان کی مذمت کی تھی۔ او آئی سی کا کہنا تھا کہ ایسے بیانات سے اسرائیل کو خطے پر قبضہ کرنے کی حوصلہ افزائی ملے گی، اسرائیلی اقدامات فلسطینیوں کے حقوق پر ڈاکا ڈالنے کے مترادف ہیں۔

بقیہ نمبر 14 روزنامہ اکثریت

خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری ہمدردی سوگوار خاندان کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عبدالرحمٰن خان کانجو نے والدہ کی علالت کے دوران جس خلوص سے ان کی خدمت کی، وہ قابلِ تحسین ہے، دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 15 روزنامہ اکثریت

کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ لیڈر آف دی اپوزیشن کی تعیناتی رول) 39 تین (کی قانونی شرائط پوری نہیں کرتی۔ درخواست میں کہا گیا کہ اپوزیشن لیڈر کے لیے ارکان قومی اسمبلی کی آزادانہ رائے اور دستخطوں کی غیر جانبدارانہ تصدیق کا قانونی تقاضا پورا نہیں ہوا۔ عدالت سے استدعا کی گئی کہ آئین کی شق 62 اور 63 کے تحت نااہل شخص کو بالواسطہ یا بلاواسطہ سیاسی عمل میں مداخلت کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ وفاقی آئینی عدالت سے استدعا کی گئی کہ سپیکر کو رول) 39 تین (کے مطابق اپوزیشن لیڈر کی تعیناتی کا نیا عمل شروع کرنے کی ہدایت دی جائے۔ عدالت سے یہ بھی استدعا کی گئی کہ حتمی فیصلے تک محمود خان اچکزئی کو لیڈر آف دی اپوزیشن کے طور پر آئینی عمل میں شرکت سے روکا جائے۔

بقیہ نمبر 16 روزنامہ اکثریت

کو آپریشن کی ہدایت کی لیکن جیل میں تو ڈسپرین کے علاوہ کچھ نہیں ملتا۔ جسٹس عقیل عباسی نے اہم ریمارکس دیے کہ جیل میں تو آپ کے پاس آنکھ تک کا علاج نہیں، دل کا علاج کیا کریں گے؟ جسٹس ملک شہزاد نے استفسار کیا کہ ملزم اس وقت کون سی جیل میں ہے؟ وکیل نے بتایا کہ ملزم مردان جیل میں ہے۔ جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیے کہ مردان میں ہی میڈیکل بورڈ تشکیل دے دیتے ہیں۔ وکیل نے کہا کہ مردان میں کارڈیالوجی اسپتال نہیں، پشاور کارڈیالوجی میں بنا دیا جائے۔ عدالت نے پشاور کارڈیالوجی کے ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل بورڈ تشکیل دیتے ہوئے 9 مارچ تک میڈیکل بورڈ کی رپورٹ طلب کرلی۔ واضح رہے کہ 2025 میں مردان میں ایک فرد کے قتل کے الزام میں دو ملزمان کو نامزد کیا گیا تھا۔ ملزم دلاور خان کی تشخیص کے لیے ٹرائل کورٹ اور پشاور ہائی کورٹ نے درخواست خارج کر دی تھی، ٹرائل کورٹ اور ہائی کورٹ میں درخواستیں ڈی ایچ کیو مردان کی رپورٹ پر خارج کی گئی تھیں۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل گراؤنڈ تشکیل دیا گیا تھا۔ میڈیکل بورڈ نے قرار دیا تھا کہ ملزم کو آپریٹ کی ضرورت نہیں ہے، بعدازاں حیات آباد میڈیکل کمپلیکس کے ڈاکٹرز پر مشتمل دوسرا میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کی استدعا منظور کی گئی۔ حیات آباد میڈیکل بورڈ نے رائے دی ملزم کو آپریشن کی ضرورت ہے۔ حیات آباد میڈیکل بورڈ کی رپورٹ کی بنیاد پر سپریم کورٹ سے رجوع کیا گیا۔ مرکزی ٹرائل ابھی ٹرائل کورٹ میں زیر التوا ہے اور کیس میں ایک نامزد ملزم تاحال مفرور ہے۔

بقیہ نمبر 17 روزنامہ اکثریت

انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے عبدالرحمٰن خان کانجو اور ان کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ عبدالرحمٰن خان کانجو اور ان کے اہلخانہ کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے، والدہ کی شفقت سے محروم ہونا زندگی کا بڑا صدمہ ہے، دکھ اور رنج کی اس گھڑی میں عبدالرحمٰن خان کانجو اور ان کے اہلخانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اللہ تعالیٰ سے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور سوگواران کو صبرِ جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 18 روزنامہ اکثریت

کے قلعہ پر کواڈ کاپٹر سے حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں فیڈرل کانسٹیبلری کے 5 اہلکار زخمی ہوئے جنہیں ہسپتال پہنچانے کیلئے ایمبولینس منتقل کیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ بعدازاں زخمی ایف سی اہلکاروں کو ہسپتال لے جانے والی ایمبولینس پر بھی مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں ریسکیو کے 2 اہلکار زخمی بھی ہوئے۔ پولیس کے مطابق فیڈرل کانسٹیبلری کے زخمی اہلکاروں کو لے جانیوالی ایمبولینس پر بہادر خیل میں فائرنگ کی گئی جس سے ایمبولینس میں موجود 3 زخمی فیڈرل کانسٹیبلری اہلکار شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے دیگر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے، واقعہ کے بعد پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر 23 روزنامہ اکثریت

رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 18 فروری کو پشاور میں ہوا تھا۔ اجلاس میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے ساتھ ساتھ زونل کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی، جبکہ محکمہ موسمیات، سائنس و ٹیکنالوجی اور سپارکو کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 25 فروری کو ہونے والے اجلاس کے لیے 18 ٹکاتی ایجنڈا تیار کرلیا گیا ہے، جس کے مطابق رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے اجلاس پر 20 لاکھ روپے خرچ کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 24 روزنامہ اکثریت

فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ افغانستان کے تین صوبوں پر فضائی حملے کیے گئے ہیں، افغانستان میں جو دہشت گردی کی تربیت گاہیں موجود ہیں، اس حوالے سے افغانستان کو آگاہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس سارے معاملہ پر دوحہ میں مذاکرات کیے گئے ہیں، مذاکرات میں افغانستان نے 10 ارب مانگے اور کہا گیا کہ ہم ان دہشت گردوں کی پناہ گاہوں کو کہیں اور منتقل کردیں گے۔ طارق فضل چوہدری نے مزید کہا کہ ہماری صرف ایک ڈیمانڈ ہے کہ افغانستان سے دراندازی ختم کی جائے، ایک ایک شہید کے خون کا بدلہ لیا جائے گا۔ وزیر پارلیمانی امور نے کہا کہ اب ہم صرف جنازے نہیں اٹھائیں گے، بھرپور جواب بھی دیں گے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 25 روزنامہ اکثریت

ڈاکٹر کے قتل کے خلاف ڈاکٹرز کی جانب سے ہڑتال اور احتجاج کیا گیا اور قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کرنے کا مطالبہ بھی کیا گیا۔ صدر ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ لیڈی ڈاکٹر کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری تک احتجاج جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 26 روزنامہ اکثریت

قلعے پر کواڈ کاپٹر حملے میں 5 اہلکار زخمی ہوئے تھے۔ ریسکیو اہلکار درگہ شہیدان میں فائرنگ سے زخمی اہلکاروں کو اسپتال منتقل کررہے تھے۔ ڈی پی او کے مطابق واقعے کے بعد پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 27 روزنامہ اکثریت

اختیار سپریم کورٹ کا تھا، نئی آئینی سکیم کے تحت آئین و قانون کی تشریح کا اختیار آئینی عدالت کا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت کے فیصلہ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ آئینی عدالت قانون سازی کی آئینی حیثیت کا جائزہ لے سکتی ہے، وفاقی آئینی عدالت کو تشریح کے کسی بھی مقدمہ کا ریکارڈ منگوانے کا اختیار بھی ہے۔ جسٹس عامر فاروق نے عدالتی اختیارات کا فیصلہ سیل ٹیکس کے مقدمہ میں تحریر کیا جس میں واضح کیا گیا کہ 27 ویں ترمیم سے سپریم کورٹ کے تشریح اور قانون سازی کے جائزے کا اختیار ختم ہوگیا۔

بقیہ نمبر 28 روزنامہ اکثریت

مطابق افغانستان نے پاکستانی فضائی کارروائی کے متاثرہ مقامات پر افغان میڈیا اور شہریوں کی رسائی روک دی۔ ریاستی زیر انتظام افغان میڈیا نے صرف ضلع بہسود کے ایک ملبے کی فوٹیج دکھائی، باقی تباہ شدہ ٹھکانوں کی رپورٹ جاری نہیں کی گئی۔ دی ساؤتھ ایشیا ٹائمز کے مطابق پکتیکا، خوست اور ننگرہار کے رہائشیوں نے بتایا کہ فضائی حملوں کے فوری بعد طالبان فورسز نے کئی علاقوں کو گھیر لیا۔ مقامی شہریوں کے مطابق دہشتگرد کئی سالوں سے یہاں اپنے خاندان کے ساتھ رہائش پذیر ہیں۔ خوگانی، ننگرہار، خوست اور دیگر مقامات پر صحافیوں کے جانے کی درخواستیں مسترد کر دی گئیں۔ ان پابندیوں نے ہلاکتوں کی اصل تعداد اور کارروائیوں کے مکمل اثرات پر سوالات کھڑے کردیے۔ ماہرین کے مطابق آزاد میڈیا کو رسائی نہ دینا اس تاثر کو تقویت دیتا ہے کہ طالبان رجیم زمینی حقائق کو چھپانے میں مصروف ہے۔ ماہرین کے مطابق مستند شواہد سے واضح ہے کہ افغانستان فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان سمیت عالمی دہشتگرد تنظیموں کی محفوظ پناہ گاہ ہے۔ میڈیا پر پابندی اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ طالبان رجیم کی مکمل سرپرستی میں افغانستان میں دہشتگردوں کے ٹھکانے موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 29 روزنامہ اکثریت

مطابق شرینگل کے مزید 8 ملزمان نے ہتھیار ڈال دیے جن کے قبضے سے راکٹ لانچر سمیت دیگر اسلحہ برآمد کیا گیا ہے۔ ملزمان انتہائی سنگین نوعیت کے مقدمات میں مطلوب تھے۔

بقیہ نمبر 30 روزنامہ اکثریت

لیا ہے، حملہ کرنے والے 13 افراد کو گرفتار کرلیا گیا، ملزمان سے ڈنڈے اور 7 موٹر سائیکلیں برآمد کی گئی ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق ون ویلنگ کرتے ہوئے اوباش نوجوان بس پر حملہ آور ہوئے، جنہوں نے گرین بس پر پتھراؤ کیا، ڈنڈے مارے، پتھراؤ سے بس کے شیشے ٹوٹ گئے، گرفتار ملزمان کے زیرِ استعمال 7 موٹر سائیکلیں پولیس نے قبضے میں لے لیں۔

بقیہ نمبر 31 روزنامہ اکثریت

کہنا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن لیڈر میں چیمبر رابطوں کے دوران قبل از وقت انتخابات پر بھی ابتدائی بات چیت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق حکومت کے اپوزیشن لیڈر سے رابطوں پر پیپلز پارٹی کو تاحال اعتماد میں نہیں لیا گیا، اپوزیشن لیڈر مستقبل کے رابطوں میں سیاسی اسیروں کی رہائی کا مطالبہ کریں گے۔

بقیہ نمبر 32 روزنامہ اکثریت

ٹیمپلٹن اور کوائن بیس سمیت بڑے مالیاتی اداروں کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔ عالمی مالیاتی فورم میں دی فیوچر آف اسٹیبل کوائنز، ٹوکنائزیشن اور فنانشل انوویشن پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گزشتہ ماہ پاکستان نے ورلڈ لبرٹی فنانشل کے ساتھ سرحد پار ادائیگیوں کیلئے ڈالر منسلک اسٹیبل کوائن پر مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے تھے، یہ شراکت داری پاکستان اور ورلڈ لبرٹی فنانشل کے درمیان کسی خودمختار ریاست کے ساتھ ابتدائی نمایاں تعاون میں شامل ہے۔ پاکستان ڈیجیٹل اثاثہ جات کی تنظیم، جدید مالیاتی نظام کے فروغ اور عالمی ڈیجیٹل معیشت میں موثر کردار ادا کررہی ہے۔

بقیہ نمبر 33 روزنامہ اکثریت

کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران سابق سی ای او کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ یہ کوئی بادشاہت نہیں کہ حکومت جب چاہے کسی کو برطرف کردے، مؤقف میں کہا گیا کہ جاوید اقبال کو ان کی کارکردگی کی بنیاد پر دوبارہ سی ای او کے عہدے پر تعینات کیا گیا تھا۔ جسٹس روزی خان نے ریمارکس دیے کہ آپ کی دوبارہ تقرری بھی بادشاہت کے انداز میں ہوئی، جبکہ دوبارہ تقرری کے لیے مسابقتی طریقہ کار اپنایا جانا چاہئے تھا، اگر آپ واقعی اتنے اہل ہیں تو حکومت دوبارہ آپ کی تقرری کردے گی۔ عدالت نے دلائل مکمل ہونے کے بعد اپیل مسترد کرتے ہوئے پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھنے کا حکم دیا۔

بقیہ نمبر 34 روزنامہ اکثریت

پارلیمنٹ ہاؤس کے دروازے تالے لگا کر بند کر دیے گئے۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ مثبت احتجاج کرنے کی روایت ڈالنے دیں، پارلیمنٹ کو تالے لگا کر پارلیمنٹیرینز کو بند کر دیا گیا، کیا یہ پارلیمنٹ کی توہین نہیں ہے؟ بانی پی ٹی آئی کے علاج کا مطالبہ کر رہے ہیں، ان پر جعلی پرچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے، بہنوں کی ملاقات نہیں کروائی جارہی، بانی پی ٹی آئی کو ایک اور انجکشن لگنا ہے۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جائے۔

بقیہ نمبر 35 روزنامہ اکثریت

شہریوں اور سکیورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث تھے۔ اپنے بیان میں انہوں نے بتایا کہ ٹارگٹ کارروائی کے دوران تقریباً 70 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا جبکہ پورے آپریشن میں کسی بچے یا سویلین کو نقصان نہیں پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی انتہائی مہارت اور مصدقہ خفیہ معلومات کی بنیاد پر کی گئی اور صرف ان دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا جو پاکستان پر حملوں میں براہ راست ملوث تھے۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ عالمی برادری اور بالخصوص اقوام متحدہ اس امر سے آگاہ ہے کہ افغانستان دہشت گرد گروہوں کی محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے۔ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق 21 ممالک کے دہشت گرد گروپ افغانستان میں موجود ہیں جو مختلف ممالک میں کارروائیوں میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ان گروہوں کی سرپرستی کرتے ہوئے انہیں تربیت اور مالی معاونت فراہم کررہا ہے جس کے نتیجے میں وہ اسلحہ خرید کر پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرتے ہیں

بقیہ نمبر 36 روزنامہ اکثریت

ہے، فائر وال منصوبہ عمران فوبیا کا نتیجہ تھا۔

بقیہ نمبر 37 روزنامہ اکثریت

درخواست پر سماعت ہوئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کا دائرہ اختیار نا ہونے پر درخواست گزار نے پٹیشن واپس لے لی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیئے کہ لاہور سے نوٹس ہوا ہے یہ اور لاہور ہائیکورٹ کا دائرہ اختیار ہے، ہم یہاں سے نوٹس کریں گے وہ لاہور سے فائل لے کر یہاں آئیں گے۔ وکیل نے استدعا کی کہ لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کرتے وقت این سی سی آئی اے کو ہراساں کرنے سے روک دیا جائے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ این سی سی آئی اے غیر قانونی ہراساں نا کرے، ابھی تو انکوائری ہو رہی ہے آپ نے جواب دینا ہے۔ بیرسٹر عبدالاحد کھوکھر نے کہا کہ ہم نے جواب دیا ہے اور ہم نے الزامات کی تفصیل مانگی ہے۔ عدالت نے درخواست واپس لینے کی بنیاد پر نمٹادی۔

بقیہ نمبر 38 روزنامہ اکثریت

کمبل نہ دیا جائے۔ اس موقع پر وہ کہتے ہیں کہ جو لوگ وزیراعظم نریندر مودی کو گالیاں دیتے ہیں، انہیں کمبل لینے کا کوئی حق نہیں۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بعدازاں وہ خواتین کو وہاں سے چلے جانے کو بھی کہتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل اس ویڈیو کے اختتام پر کچھ لوگوں کو سابق سیاسی رہنما کے سامنے اس رویے پر اعتراض کرتے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 39 روزنامہ اکثریت

قرار دیا کہ قتل کا وا

کسی بچے یا سویلین کو نقصان نہیں پہنچا، دانیال چوہدری

افغانستان ٹارگٹڈ کارروائی میں 70 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا، پارلیمانی سیکرٹری

راولپنڈی (صباح نیوز)وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیکورٹی فورسز نے افغانستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس میں ملک میں دہشت گردی کی سنگین وارداتوں میں ملوث عناصر کو نشانہ بنایا گیا، یہ عناصر مساجد، مدارس، بچوں، (بقیہ نمبر 35)

BAKER INN
SWEETS & FAST FOODS
PREMIUM QUALITY
Sweets
PURE - FRESH - DELICIOUS
Lakhkar Khan
0371-1300535
Baghdada Chowk Mardan. 0937-871212

معاشی بہتری کے حکومتی دعوے بے بنیاد ہیں، تیمور جھگڑا

2018 میں 22 فیصد لوگ غربت کی لکیر سے نیچے تھے، اب 29 فیصد تک پہنچ چکے

اسلام آباد (صباح نیوز) پی ٹی آئی رہنما تیمور سلیم جھگڑا نے کہا کہ معیشت کی بہتری کے حکومتی دعوے بے بنیاد ہیں، حکومت کے پاس معیشت کی بہتری کا کوئی نسخہ نہیں۔ پی ٹی آئی رہنما تیمور سلیم جھگڑا نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ قومی غربت سے متعلق سامنے آنے والے اعداد وشمار تشویشناک ہیں، 2018 میں 22 فیصد لوگ غربت (بقیہ نمبر 63)

40 ارب کا حکومتی فائر وال منصوبہ ناکام ہو چکا، شیخ وقاص

منصوبہ عمران فوبیا کا نتیجہ تھا، حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، مرکزی سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی

پشاور(جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم کا سوشل میڈیا فائر وال منصوبے کی ناکامی پر ردعمل سامنے آگیا۔ اپنے بیان میں شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ حکومت کا 40 ارب روپے کا سوشل میڈیا فائر وال منصوبہ ناکام ہو چکا ہے، ایک طرف قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا گیا دوسری جانب عوام مہنگائی اور بے روزگاری سے بے حال ہے۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ فائر وال کی وجہ سے آئی ٹی سیکٹر، فری لانسرز اور آن لائن بزنس شدید متاثر رہے اور لاکھوں نوجوان ملک چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔ سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ یہ منصوبہ حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت (بقیہ نمبر 36)

قرض/ٹیکس بوجھ، پاکستانی معیشت شدید دباؤ کا شکار

بڑھتا مالی خسارہ، غیر پائیدار قرضہ اور فرسودہ ٹیکس نظام بحران کی جڑ قرار، آئی ایم ایف وقتی ریلیف،، بنیادی مسائل جوں کے توں

پشاور(جنرل رپورٹر) پاکستان کی معیشت ایک بار پھر شدید دباؤ کا شکار ہے، جہاں بڑھتے ہوئے قرضوں اور ٹیکسوں کا بوجھ اقتصادی سرگرمیوں کو سست کر رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق ملک کی مسلسل مالی بے ضابطگیاں اسے بار بار عالمی مالیاتی اداروں، خصوصا آئی ایم ایف کے پاس جانے پر مجبور کر دیتی ہیں، جہاں وقتی ریلیف تو ملتا ہے، بنیادی مسائل جوں کے توں ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق 2025 میں پاکستان کا مجموعی سرکاری قرضہ جی ڈی پی کے 70 فیصد تک پہنچ چکا ہے، جبکہ مالی خسارہ 6 فیصد کی بلند سطح پر ہے، جو تقریبا مکمل طور پر سودی ادائیگیوں پر مشتمل ہے۔ صورتحال اس نہج پر پہنچ چکی ہے (بقیہ نمبر 64)

24 گھنٹے میں 10 حزب اللہ ارکان جاں بحق

اسرائیل کے فضائی حملے جاری، جاں بحق ہونے والوں میں فیلڈ کمانڈرز بھی شامل

بیروت/تل ابیب (صباح نیوز) اسرائیلی سیکورٹی حلقوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر امریکہ نے ایران پر حملہ کیا تو لبنان میں حزب اللہ متحرک ہو سکتی ہے۔ حزب اللہ اپنی میزائل قوت کو دوبارہ منظم کرنے اور اس کی بحالی کے کام میں تیزی لا رہی ہے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ (بقیہ نمبر 53)

بی جے پی رہنما کا مسلم خواتین سے امتیازی سلوک

جو مودی کو گالے دے اس کو نہیں ملے گا، مفت کمبل تقسیم کے دوران گفتگو

جے پور (صباح نیوز) بھارتی ریاست راجستھان میں حکمراں جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی کے سابق رکنِ پارلیمنٹ سکھبیر سنگھ جونپوریہ کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی ہے جس میں انہیں کمبل تقسیم کرنے کے دوران مسلم خواتین کو کمبل دینے سے انکار کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں سکھبیر سنگھ خواتین سے نام پوچھتے ہیں، ایک خاتون کے مسلم نام بتانے پر وہ اپنے معاونین کو ہدایت دیتے ہیں کہ اسے (بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے صحافی نادر بلوچ کو ہراساں نہ کرنیکی ہدایت کردی

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے این سی سی آئی اے کو صحافی نادر بلوچ کو ہراساں نہ کرنے کی ہدایت کردی۔ این سی سی آئی اے کی جانب سے جاری نوٹس کے خلاف صحافی نادر بلوچ کی (بقیہ نمبر 37)

امریکی بحری بیڑے کو آپریشنل چیلنجز کا سامنا

مشرق وسطی کی جانب پیش قدمی، عملے کے کئی ارکان غصے اور بے چینی کا شکار

نیویارک (صباح نیوز) دنیا کا سب سے بڑا امریکی طیارہ بردار بحری جہاز "یو ایس ایس جیرڈ آر فورڈ "بحیرہ روم میں داخل ہو گیا ہے۔ یہ اقدام صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حکم پر فوجی تعیناتی میں اضافے کے سلسلے میں امریکی عسکری طاقت کو مضبوط کرنے کے لیے کیا گیا ہے جو ایران پر ممکنہ حملے کا پیش خیمہ ہو سکتا ہے۔ تاہم صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مشرق وسطی بھیجنے کے لیے "یو ایس ایس جیرڈ آر فورڈ "کے مشن (بقیہ نمبر 65)

اے این ایف کارروائیاں، 21 کلو منشیات برآمد، 6 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (صباح نیوز) اینٹی نارکوٹکس فورس) اے این ایف (نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف پانچ کارروائیوں کے دوران چھ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ کارروائیوں کے دوران (بقیہ نمبر 66)

ہوا میں نمی تناسب زائد ہونا دھند کا سبب قرار

رمضان المبارک آخر میں ملکی بالائی علاقوں میں بارش کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

اسلام آباد/ کراچی (صباح نیوز) رمضان المبارک کے دوران فروری کے آخر اور مارچ کی ابتدا میں ملک کے بالائی علاقوں میں بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی کے مضافات میں چند روز کے دوران دھند پڑ سکتی ہے، سمندری ہواؤں کی بحالی کے بعد ہوا میں نمی کا تناسب زائد ہونا دھند کا سبب ہے۔ حکام محکمہ موسمیات نے بتایا کہ کراچی شہر میں بارش کا کوئی امکان نہیں ہے، مارچ کے دوسرے ہفتے (بقیہ نمبر 54)

سپریم کورٹ: دوہرے قتل کے مجرم کی سزائے موت عمر قید میں تبدیل

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ نے دوہرے قتل کے مقدمے میں مجرم محمد ممتاز کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا، عدالت عظمیٰ نے 76 سالہ مجرم کے ضعیف العمر ہونے کی بنیاد پر سزا میں رعایت دی۔ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں (بقیہ نمبر 39)

لاہور: گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی کے ساتھ پینل ہوتھ امپاورمنٹ پاکستان کے سی ای او رانا مظفر کا اپنی ٹیم کے ہمراہ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

سیاسی صورتحال، مارکیٹ پر اثر ہو رہا ہے، سٹاک ایکسچینج

شرح سود میں کمی اور سیاسی صورتحال مارکیٹ پر اثر انداز ہو رہی ہیں، فرخ سبزواری

کراچی (صباح نیوز) پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے سی ای او فرخ سبزواری نے کہا ہے کہ مارکیٹ جنوری میں اپنی بلند ترین سطح سے نیچے آئی ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں لسٹنگ تقریب کے موقع پر سی ای او فرخ سبزواری نے کہا کہ شرح سود میں کمی اور سیاسی صورتحال مارکیٹ پر اثر انداز ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک کی صورتحال اور کمپنیوں کے مالی نتائج بھی مارکیٹ کی سمت پر اثر ڈال رہے ہیں اور مارکیٹ (بقیہ نمبر 55)

انسانی سمگلرز کیخلاف کریک ڈاؤن، 6 گرفتار

ارشد محمود، لیاقت علی، سید جواد علی، مصدق حسین، بشیر احمد الیاس اور معاویہ منیر شامل

گوجرانوالہ (صباح نیوز) ایف آئی اے گوجرانوالہ زون نے انسانی سمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے چھ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں ارشد محمود، لیاقت علی، سید جواد علی، سید مصدق حسین، بشیر احمد الیاس اور معاویہ منیر شامل ہیں، ملزمان کو گوجرانوالہ سیالکوٹ اور گجرات کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ ملزمان (بقیہ نمبر 56)

برطانیہ میں کل سے دوہری شہریت والوں پر نئے قواعد نافذ ہوں گے

لندن (صباح نیوز) برطانیہ میں بدھ سے دوہری شہریت کے حامل افراد کیلئے نئے قواعد نافذ ہوں گے، 25 فروری سے دوہری شہریت کے باوجود برطانوی پاسپورٹ نہ ہونے پر ملک میں داخلے سے روکا جا سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 68)

غزہ پر قبضہ کرینگے، انتہا پسند اسرائیلی وزیر خزانہ

ہم حماس تنظیم کو غزہ سے نکلنے کے لیے الٹی میٹم دیں گے، بتسلئیل سموٹرچ کا بیان

تل ابیب (صباح نیوز) اسرائیلی وزیر خزانہ بتسلئیل سموٹرچ نے کہا ہے کہ اسرائیل جلد ہی حماس تنظیم کو ایک الٹی میٹم دے گا تا کہ اس کے قائدین غزہ کی پٹی سے نکل جائیں، اور اسلحہ، ہیڈ کوارٹرز اور سرنگیں حوالے کر دیں۔ انہوں نے مزید کہا اگر حماس تنظیم نے ایسا نہ کیا، تو ہمیں خود کارروائی کرنے کا جواز مل جائے گا۔ اس کے علاوہ سموٹرچ نے اشارہ کیا کہ اگر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ حماس تنظیم کو ختم کرنے میں (بقیہ نمبر 67)

میکسیکو ڈرگ لارڈ ال فوجی آپریشن میں ہلاک

امریکی حکام نے آپریشن میں معلومات فراہم کیں، نائب وزیر خارجہ

میکسیکو سٹی (صباح نیوز) میکسیکو میں منشیات کا بڑا سرغنہ ال مینچو فوجی آپریشن میں مارا گیا، ال مینچو طاقتور جرائم پیشہ تنظیم سی جے این جی کا سربراہ تھا۔ امریکی نائب وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ ال مینچو کی ہلاکت بڑی پیش رفت ہے جو میکسیکو، امریکا، لاطینی امریکا اور دنیا کے لیے اہم ہے۔ حکام کے مطابق مغربی ریاست جالسکو میں فائرنگ کے تبادلے کے دوران ال مینچو شدید زخمی ہوا اور میکسیکو سٹی منتقل کیے جانے کے دوران (بقیہ نمبر 57)

ایل ٹی سمارٹ میٹرز کی قلت، نئے کنکشنز اور تبدیلی کا کام روک دیا گیا

لاہور (صباح نیوز) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) میں کمرشل اور انڈسٹریل صارفین کے لئے ایل ٹی سمارٹ میٹرز کی قلت پیدا ہو گئی جس کی وجہ سے نئے کنکشنز کے ساتھ ساتھ جلنے اور خراب (بقیہ نمبر 41)

کے پی میں قیامِ امن اولین حکومتی ترجیح ہے، فیصل کنڈی

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کا پشاور کے الیکٹرانک میڈیا کے بیورو چیفس کے اعزاز میں گورنر ہاؤس افطار ڈنر شرکاء سے خطاب

پشاور (سٹی رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی جانب سے پشاور کے الیکٹرانک میڈیا کے بیورو چیفس کے اعزاز میں گورنر ہاؤس پشاور میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں پشاور کے مختلف قومی اور مقامی ٹی وی چینلز کے بیورو چیفس نے شرکت کی۔ افطار ڈنر میں خصوصی دعوت پر پشاور میں تعینات ایران کے قونصل جنرل علی بخشہ خواہ نے قونصلیٹ عملہ کیساتھ شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا نے صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال اور امن وامان کے امور پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تمام ریاستی اداروں کو باہمی تعاون اور (بقیہ نمبر 69)

عدالتی فیصلہ، بھارت نے مذاکرات روک دیئے

امریکہ کیساتھ ٹیرف اور تجارت سے متعلق دوبارہ جائزہ لیں گے، بھارتی وزارت تجارت

واشنگٹن (صباح نیوز) بھارتی وزارت تجارت نے کہا ہے کہ وہ سپریم کورٹ کی طرف سے آنے والے فیصلے کی روشنی میں چیزوں کا جائزہ لے رہی ہے۔ جس میں امریکی ٹیرف پالیسی کو مسترد کیا گیا ہے۔ وزارت تجارت کے مطابق بھارت نے امریکہ بھیجے جانے والے ایک وفد کو روک دیا ہے۔ بتایا جا رہا تھا کہ بھارتی وفد دو طرفہ تجارت پر بات چیت کے لیے رواں ہفتے کے دوران بھارت جائے گا۔ یاد رہے کہ (بقیہ نمبر 58)

چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا اشہاب علی شاہ گورننس امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیکنگ دوران ایک ہزار 400 کلو گوشت تلف

900 کلو دال چنا، 80 کلو بیسن، 100 کلو کئی، چکی اور وزن کانٹا ضبط کر لیا گیا

لاہور (صباح نیوز) لاہور کے علاقے کاہنہ نو اور سندر روڈ پر چیکنگ کے دوران 1 ہزار 400 کلو ایکسپائر فروزن گوشت تلف کر دیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق 1 ہزار 400 کلو ایکسپائر فروزن گوشت کے علاوہ 900 کلو دال چنا، 80 کلو بیسن، 100 کلو کئی، چکی اور وزن کانٹا ضبط کر لیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 70)

رمضان میں غریب ہمسایوں کا خیال رکھنا دینی وسماجی فریضہ ہے، مولانا خانزیب

مردان (نمائندہ خصوصی) مولانا خانزیب المعروف عبدالرحمان نے کہا ہے کہ ماہِ رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کا مہینہ ہے جس میں ہمیں عبادات کے ساتھ ساتھ سماجی ذمہ داریوں کو (بقیہ نمبر 71)

پنجاب کے تمام تھانوں میں سسٹم بیسڈ فارم نافذ

پولیس کیلئے ریڈ پر جانے کا اجازت نامہ، گرفتاری فارم، ہدایات تفتیش مکمل کرنا لازم قرار

لاہور (صباح نیوز) وزیر اعلیٰ پنجاب نے پولیس میں اصلاحات کے تحت 3 اہم فارم متعارف کروا دیئے ۔ ذرائع کے مطابق لاہور سمیت پنجاب کے تمام تھانوں میں سسٹم بیسڈ فارم نافذ کر دیئے گئے ہیں۔ پولیس کے لئے ریڈ پر جانے کا اجازت نامہ، گرفتاری کا فارم ، ہدایات برائے (بقیہ نمبر 72)

تین مسلمانوں پر تشدد، ہندو انتہا پسند گرفتار

واقعہ بھارتی ریاست اتر پردیش بدوان میں پیش آیا، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

نئی دہلی (صباح نیوز) بھارت میں ہندو انتہا پسند نے 3 مسلم افراد کو تشدد کا نشانہ بنا دیا، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق مذکورہ واقعہ بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع بدوان میں پیش آیا۔ میڈیا رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ 24 سالہ موٹر سائیکل سوار شخص نے 3 راہ گیروں کو اس وقت تشدد کا نشانہ بنایا جب وہ رمضان سے قبل زکوٰۃ جمع کرنے کے لیے مسلم محلے کا راستہ معلوم کر (بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ، سید عمران احمد شاہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خاتون کیساتھ ویڈیو پولیس کانسٹیبل کو مہنگا پڑ گیا

کانسٹیبل ڈرائیور ظفر اقبال نے سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی کی، معطل کر دیا گیا

لاہور (صباح نیوز) پولیس یونیفارم میں خاتون کے ساتھ ٹک ٹاک پر ویڈیو بنا کر وائرل کرنا ڈرائیور کانسٹیبل کو مہنگا پڑ گیا۔ ایس ایس پی اختر فاروق کے مطابق کانسٹیبل ڈرائیور ظفر اقبال نے سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی کی۔ کانسٹیبل ڈرائیور کو سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی کرنے پر معطل کر دیا گیا۔ آئی جی پنجاب رانا عبدالکریم کے حکم سے ایس ایس پی ٹیلی کمیونیکیشن اختر فاروق نے معطلی کا (بقیہ نمبر 60)

بھارت، اسنوکر کلب میں چاقوؤں سے حملہ

زخمی طالبعلم کی کلائی پر 10 گہرے زخم جبکہ دوسرے ہاتھ کی 2 انگلیاں کٹ گئیں

نئی دہلی (صباح نیوز) بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں ایک دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے جہاں ایک اسنوکر کلب کے اندر دسویں جماعت کے 16 سالہ طالب علم کو 2 نابالغ لڑکوں نے چاقو اور خنجر سے 30 سیکنڈ کے اندر 27 بار وار کر کے شدید زخمی کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ دونوں حملہ آور فلمی انداز میں کلب میں داخل ہوئے، طالب علم کو گھیر کر تیزی سے حملہ کیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ حیران کن طور پر ملزمان نے یہی ویڈیو خود سوشل میڈیا پر بھی وائرل کی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق زخمی طالب علم کی ایک کلائی پر 10 سے زائد گہرے زخم (بقیہ نمبر 61)

ہٹلر کی جائے پیدائش پولیس اسٹیشن میں تبدیل

پولیس اہلکار 2026 کی دوسری سہ ماہی میں یہاں منتقل ہوں گے، وزارت داخلہ

ویانا (صباح نیوز) آسٹریا کے شہر برونا ایم ان کے جس گھر میں ایڈوولف ہٹلر پیدا ہوا تھا، اسے پولیس اسٹیشن میں تبدیل کر دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حکومت اس مقام کو غیر جانبدار بنانے کی خواہاں ہے جس کے لیے 2016 میں ایک قانون منظور کر کے خستہ حال عمارت کو اس کے نجی مالک سے تحویل میں لے لیا گیا تھا۔ 20 اپریل 1889 کو پیدا ہونے والے ایڈوولف ہٹلر نے اپنی ابتدائی زندگی (بقیہ نمبر 62)

D PLUS
Beauty Salon Hair & Skin Care Photo Studio
Sector D House No: 173 Sheikh Maltoon Town Mardan
Phone: 0937-868601 | Mobile 0334-5871965 | 0312-5871965
dplusbeautysaloonmardan Dplus Mardan

صمیم آرفن کیئر پاکستان کا ایک ہزار سے زائد خاندانوں میں فوڈ پیکج تقسیم

مستحق گھرانے پورے ماہِ رمضان کے دوران بنیادی غذائی ضروریات سے محروم نہ رہیں

مردان (نیوز ڈیسک) ماہِ رمضان کی آمد کے ساتھ ہی جہاں عبادات اور روحانی تربیت کا سلسلہ شروع ہوتا ہے، وہیں خدمتِ خلق کے جذبے بھی عروج پر پہنچ جاتے ہیں۔ اسی جذبہ ہمدردی کے تحت فلاحی تنظیم صمیم آرفن کیئر پاکستان نے مردان میں ایک ہزار سے زائد مستحق خاندانوں میں رمضان فوڈ پیکج تقسیم کر کے انسان دوستی کی ایک روشن مثال قائم کی۔ راشن کی تقسیم کی تقریب مقامی شادی ہال میں منعقد ہوئی جس میں مستحق خواتین، بزرگ افراد، خصوصی افراد اور یتیم بچوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب کے (بقیہ نمبر 42)

Mardan Palace Marquee
C.E.O 0321-93031173
G.M 0313-7740400
M.D 0345-6407407
مردان پیلس
شادی ہال
النور پلازہ، ایکسپریس اسٹور، نوشہرہ روڈ، مردان

اُمید کی کرن فاؤنڈیشن
(گائنی ویلفیئر ہسپتال اینڈ تھیلسیمیاء /ڈائیلیسز سنٹر مردان)
اُمید کی کرن فاؤنڈیشن ضلع مردان میں ایک عرصے سے انتہائی خلوص کیساتھ دُکھی انسانیت کی خدمت کر رہا ہے۔ جہاں پر تھیلیسیمیاء کے مریضوں کیلئے خون کی مفت منتقلی (بلڈ ٹرانسفیوژن) اور ہر قسم کے مریضوں کا معائنہ اور سکریننگ کیساتھ ساتھ (گائنی) زچہ وبچہ سے متعلق تمام تر سہولیات میسّر ہیں، اور 24 گھنٹے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کیساتھ خدمت کی رسائی کیلئے کوشاں ہیں۔
سہولیات: لیبارٹری، بلڈ بنک، لیبر روم 50% سے 70% رعایت کیساتھ
24 گھنٹے سروس
تھیلسیمیاء یونٹ
مفت معائنہ: مفت بلڈ ٹرانسفیوژن
زیر نگرانی
ڈاکٹر نور احمد خان
MBBS (KMU),RMP
MCPS In Medicine
MPH
ڈائیلیسز یونٹ
گردوں کے مریضوں کیلئے ویلفیئر چارجز پر ڈائیلیسز کی سہولت موجود ہے۔
گائنی یونٹ
ڈاکٹر واحدہ گل
MBBS (Pesh) RMP
M.C.P.S (Pesh)
Trained
سابقہ سینئر میڈیکل آفیسر جو ہر خاتون ہسپتال پشاور
الٹراساؤنڈ سپیشلسٹ
اوقات کار: صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک
ڈاکٹر شائستہ اختر
MBBS (KMU)
CDU (Islamabad)
UK-Certified Sonologist
صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک
بروز جمعرات مفت معائنہ اور مفت الٹراساؤنڈ
زیر نگرانی کوالیفائیڈ ڈاکٹرز اینڈ سٹاف
مفت معائنہ الٹراساؤنڈ: بروز جمعرات
پتہ: نزد بلال مسجد کینال روڈ بجلی گھر مردان۔
Cell: +92-315-9345320
Tel: +92-937-876329
+92-937-862789

OPD TIME
MEDICAL OPD (1pm To 7pm) پیر تا ہفتہ
PAEDIATRICS OPD (1pm To 7pm) جمعرات، جمعہ، ہفتہ
GYNAECOLOGY OPD (1pm To 7pm) پیر تا ہفتہ
SURGICAL OPD (1pm To 7pm) پیر اور بدھ
NEUROLOGY OPD (1pm To 7pm) جمعہ
DENTISTRY OPD (10am To 7pm) پیر تا ہفتہ
ORTHOPAEDICS OPD (1pm To 7pm) جمعہ
Timings 1pm-7pm
24hr SERVICE EVERYDAY
لیبر روم کی سہولت موجود ہے
نیورولوجسٹ (اعصابی امراض کے ماہر) ڈاکٹر آزرنگ فیاض ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس، ایم آر سی پی (یو کے)
جنرل میڈیسن ڈاکٹر عبید اللہ ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس
ڈینٹل سرجن ڈاکٹر طلحہ مقبول بی ڈی ایس
ماہر اطفال (چائلڈ سپیشلسٹ) ڈاکٹر وقار علی خان ایم بی بی ایس، ایم سی پی ایس
آرتھوپیڈک سرجن (ہڈیوں کے ماہر) ڈاکٹر ضیاد احمد ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس
ماہر امراض نسواں (گائناکالوجسٹ) ڈاکٹر سنبل علی ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس 1
جنرل ایلیمنٹری سرجن ڈاکٹر وقاص الرحمٰن ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس، ایم آر سی ایس